# مجتہد سے پوچھے گئے
# سوالات

## حصہ چہارم

شعبۂ مطبوعات
قرآن و عترت اکیڈمی
کراچی - پاکستان
E-mail : info@qoitrat.org
Website : www.qoitrat.org

# مجتہد سے پوچھے گئے سوالات

# حصہ چہارم

786/1

جوابات از:

مکتبہ حضرت آیۃ اللہ العظمیٰ

## الحاج آقائے سید علی الحسینی السیستانی

متع اللہ المسلمین بطول بقائه

قم المقدسه

بحوالہ:

www.rafed.net

پیشکش:

شعبۂ مطبوعات

قرآن و عترت اکیڈمی

کراچی پاکستان

کتاب : مجتہد سے پوچھے گئے سوالات۔ حصہ چہارم

جوابات از : مکتبہ حضرت آیۃ اللہ العظمیٰ السیستانی مدظلہ

بحوالہ: www.rafed.net

مترجم : اراکین قرآن وعترت اکیڈمی

طبع : اوّل رمضان ۱۴۲۵ھ

پرنٹر : PRNDOTCOM PRINTERS

prndotcom@hotmail.com

2626492 ; 0300-9244802

تعداد : ۱۰۰۰

توجہ:

مومنین کی جانب سے کسی بھی قسم کی تجویز، مشورے یا تصحیح کا شکریہ کے ساتھ استقبال کیا جائے گا۔

ملنے کا پتہ:

قرآن وعترت اکیڈمی

۳۶۵/۱ پارسی اسٹریٹ، گارڈن ایسٹ

کراچی ۷۴۸۰۰۔ پاکستان

فون : 2237207 - 2226948

Email : info@qoitrat.org

Website : www.qoitrat.org

مرحومین کے ایصال ثواب کی
خاطر اس کتاب کو شائع کرانا
چاہیں یا کسی اور طرح سے
اس کتاب کی اشاعت میں
حصہ لینا چاہیں تو ادارے
کے منتظمین سے رابطہ کیجئے۔

شکریہ

# فہرستِ مضامین


## پیش لفظ

## تقلید

کیا لڑکی باپ کو پوچھ کر اعلم کا تعین کر سکتی ہے ۲۳
کیا ممیّز بچے پر تقلید واجب ہے ۲۳
عمل کے بعد تقلید ۲۳
آج کے دور میں صراط مستقیم کیا ہے ۲۴
اگر غیر مجتہد کو خود ہی کسی مسئلے کا یقین ہو جائے ۲۴

## طہارت

### وضو

ہاتھ وغیرہ پر اگر کوئی تصویر کندہ کروائی جائے ۲۵
وضو کے دوران ناخن میں اگر میل ہو ۲۵
اگر ہاتھ پر تیل یا گھی کے نشانات ہوں ۲۵
اگر سر پر تیل ہو تو مسح کا حکم ۲۶
گیلے اعضاء پر وضو کرنے کا حکم ۲۶
نہانے کے فوراً بعد وضو ۲۶
آپریشن کی صورت میں وضو اور غسل کی ذمہ داری ۲۶

پھوڑوں کی صورت میں تیمّم کب اور جبیرہ کب ۲۷

## غسل

غسل میں صرف کھال دھونا واجب ہے یا بال بھی ۲۷
غسل کے دوران گرنے والا پانی ۲۷
غسل کے دوران زخم سے خون ۲۸
جنب شخص سے مصافحہ ۲۸
غسل جنابت کے دوران ریح خارج ہوگئی ۲۸
اگر کان سے خون نکلتا رہتا ہے تو غسل کیسے ہوگا ۲۸
نماز کے بعد پتہ چلا کہ احتلام ہوگیا تھا ۲۹
نجاست کے عالم میں ائمہؑ کے حرم میں ٹھہرنا ۲۹
جناب عباس علیہ السلام کے روضے میں نجس حالت میں جانا ۲۹
نجاست کے عالم میں قرآن کی CD اٹھانے کا حکم ۳۰
غسل جمعہ کی قضاء کا وقت ۳۰
نیند میں عورت کے بدن سے اگر رطوبت خارج ہو ۳۰
مستحب نمازوں کے لئے غسل استحاضہ کا حکم ۳۱
استحاضہ قلیلہ میں وضو کے بعد قرآن کو مس کرنا ۳۱

## کھانے پینے کے احکام

غیر مسلم کے ساتھ ہاتھ ملانا اور اس کا کھانا استعمال کرنا ۳۱
کیا میزبان کو اطلاع دینا ضروری ہے کہ میرا بچہ نجس ہے ۳۱
ایسے شخص کے ہاتھ کا کھانا جو نجاست کی پروا نہیں کرتا ۳۱
یورپ کے ہوٹل میں کھانے کے برتن ۳۲
کھانے کے دوران منہ میں خون آگیا ۳۲

انڈے میں اگر خون ہو ۳۲
کرافٹ کمپنی کا پنیر ۳۲

## بیت الخلاء کے احکام

ٹوائلٹ میں اگر مشکوک چھینٹیں اڑیں ۳۳
قبلہ رخ ٹوائلٹ استعمال کرنا ۳۳
ٹوائلٹ کی زمین پاک ہے یا نجس ۳۳

## متفرقات

نجاست کے بارے میں بہت زیادہ شکی مزاج کا حکم ۳۴
اگر پڑی کے بارے میں پتہ نہ ہو کہ پاک ہے یا نجس ۳۴
عیسائی کے پاس اگر بال کٹوائیں ۳۵
امپورٹڈ جوتے کا استعمال ۳۵
پیشاب سے نجس بدن کو پانی سے پاک کرنے کا طریقہ ۳۵
کیا لپ اسٹک نجس ہے ۳۶
بارش کے بعد نجس سڑک کا حکم ۳۶
alcohol والا پرفیوم ۳۶
اگر پتہ نہ ہو یہ بیئر نشہ آور ہے یا نہیں ۳۶

# نماز

# مقدمات نماز

## قبلہ

اگر نماز کے وقت میں ٹرین نہ رکتی ہو ۳۷

جہاز میں قبلہ کا حکم ۳۷

## شرائط لباس

دوران نماز چمڑے یا ریگزین کا استعمال ۳۸
اگر پتہ نہ ہو کہ نماز کے دوران لباس کا پاک ہونا ضروری ہے ۳۸
چمڑے کا ٹیگ لگی ہوئی imported jeans کے ساتھ نماز ۳۸
مرد کے لئے shorts پہن کر نماز پڑھنا ۳۹

# واجبات نماز

## قرأت

اگر ''ضاد'' کا تلفظ صحیح ادا کرنا ممکن نہ ہو ۳۹
صحیح قرائت کی غرض سے ایک لفظ کو دہرانا ۳۹
جمعہ کے دن ظہر کی نماز میں سورہ جمعہ کی تلاوت ۴۰
نماز میں چھینک آنے پر الحمد کہنا ۴۰

## سجدہ

رکوع وسجود میں ذکر کی کمترین مقدار ۴۰
رکوع کا ذکر سجدے میں اور سجدے کا ذکر رکوع میں ۴۰
سجدہ گاہ اگر سیاہ ہوگئی ہو ۴۱
گدّے پر سجدہ ۴۱
اگر بغیر سجدہ گاہ کے نماز پڑھ لی ۴۱

## سجدۂ سہو

سجدۂ سہو کا طریقہ ۴۱

## تشہد


اگر تشہد بھول جائے ۴۲


## سلام


نماز میں سلام کے دوران چہرہ دائیں بائیں گھمانا ۴۲


## قنوت


نماز میں انگوٹھی کے نگینے کو سامنے کی طرف کر لینا ۴۳


## نماز جماعت


نماز جماعت میں اگر ایک رکعت بعد میں شامل ہوں ۴۳

نماز جماعت میں قرائت کی ایک غلطی کی تکرار ۴۳

پیش امام قرائت کا کچھ حصہ بھول جائیں اور صرف چند افراد کو پتہ چلے ۴۴

اگر پیش امام کو باپ عادل سمجھے، بیٹا نہ سمجھے ۴۴

اگر مسجد میں فرادیٰ نماز سے امام جماعت کی توہین ہوتی ہو ۴۴

اگر ظہر کی نماز میں پیش امام کی آواز آ رہی ہو ۴۵

اگر جماعت کی پہلی صف میں داڑھی مونڈا شخص کھڑا ہو جائے ۴۵

اگر نماز جماعت کے دوران سوچوں میں گم ہو ۴۵

دورانِ جماعت، فرادیٰ کی نیت کر لینا ۴۵

پیش امام سے پہلے ہی سلام پڑھ لینا ۴۶

سجدۂ سہو چھوڑ کر نماز جماعت ۴۶


## قصر نماز


مسافر نماز قضا ہونے سے پہلے گھر پہنچ گیا ۴۶

## مستحب نماز


مستحب نمازوں میں الحمد کے بعد کیا پڑھیں ۴۷
نماز وتر میں صرف ایک بار قل هو اللّٰه احد پڑھنا ۴۷
مستحب نماز میں الحمد کے بعد سورے کا صرف کچھ حصہ پڑھنا ۴۷
اگر نماز غفیلہ میں مخصوص آیت پڑھنا بھول جائے ۴۸
نمازِ زیارت وارثہ کی نیت ۴۸


## احکام مسجد


مسجد میں سو جانا ۴۹
مسجد زیادہ اہم یا فضیلت کا وقت ۴۹


## متفرقات


نماز کے بعد پتہ چلا کہ وضو غلط تھا ۵۰
نجس جاءنماز پر نماز پڑھنا ۵۰
عورت کے لئے نماز، مسجد میں بہتر یا گھر میں ۵۰
بچہ رو رہا ہے اور نماز پڑھنی ہے ۵۰
داڑھی مونڈے شخص کی نماز ۵۱
دو نمازِ جمعہ کے درمیان فاصلے کا معیار ۵۱
جب مستحب اور مکروہ ٹکرا جائیں ۵۱
کسی مرحوم کو پنجگانہ نماز کا ثواب ہدیہ کرنا ۵۲
اگر بڑا بیٹا باپ کی نمازیں قضا نہ کروائے ۵۲


## روزہ


اگر غسل کے دوران صبح ہو جائے ۵۳

سحری کے بغیر روزہ رکھ لیا ۵۳
اگر روزے کے دوران خون ملا ہوا تھوک نگل لیا ۵۳
رمضان میں inhaler استعمال کرنے والے افراد ۵۴
معمول سے بڑے شہروں میں سفر کی ابتداء کہاں سے ۵۴

## خمس

### عمومی مسائل

بچے ہوئے جیب خرچ پر خمس ۵۵
شیئرز کی کس قیمت پر خمس ۵۶
گھر کے لئے جمع کئے جانے والے پیسے پر خمس ۵۶
کیا حج کی رقم کا خمس نکالنا ضروری ہے ۵۶
اگر استعمال شدہ زیور ایک سال تک استعمال نہیں ہوا ۵۷
عورت کے لئے روزمرہ کے زیور کی مقدار ۵۷
اگر خمس نہ نکلی ہوئی جائداد تحفے میں ملے ۵۸
خمس نہ نکلی ہوئی رقم سے اگر کوئی چیز خرید لی ۵۸
خمس کی تاریخ سے پہلے اگر کسی کا انتقال ہو جائے ۵۸

### قرضے پر خمس

قرض پر ملی ہوئی گاڑی کا خمس ۵۹
قرضے پر خمس ۵۹
قرضے پر لئے ہوئے گھر میں اگر ایک سال تک رہائش اختیار نہ کرے ۵۹

### متفرقات

خمس کی تاریخ آنے کے بعد تاخیر ۶۰

خمس نکالے بغیر چیز کا استعمال ۶۰
مرحوم مجتہد کے وکیل کو مالی واجبات دینے کا حکم ۶۰
مسجد کے لئے دی گئی چیز پر اگر خمس نہ نکالا گیا ہو ۶۱
واجب الادا خمس پر ملا ہوا فائدہ ۶۱

## حج

قرضہ لے کر حج ۶۲
حج کے لئے گاڑی بیچنا ۶۲
حج کے لئے گھر بیچنا ۶۲
دیور کے ساتھ حج ۶۳
حج یا غریبوں کی مدد ۶۳

## نکاح

### محرم/نامحرم

بھابھی، چچی یا ممانی سے بغیر پردے کے ہاتھ ملانا ۶۴
اگر ممانی بوسہ لینا چاہیں ۶۴
مرد اور عورت اپنا کتنا بدن چھپائیں ۶۴
لڑکی سے فون پر بات کرنا ۶۵
لڑکے اور لڑکی کی دوستی ۶۵
عورت کے ساتھ discussion اور اس کے ساتھ خلوت کرنا ۶۵
مرد اور عورت کے درمیان جائز تعلق کی حد ۶۶
شادی سے پہلے لڑکی کی تصویر دیکھنا ۶۶
نامحرم عورت کی تصویر کو دیکھنا ۶۶

بوڑھی عورت کی تصویر دیکھنا ٦٧
ایسی عورت کا چہرہ دیکھنا جس کا مجتہد چہرہ کھولنے کی اجازت نہیں دیتا ٦٧
منہ بولے بیٹے سے محرمیت کا رشتہ کیسے ہو ٦٧

## حجاب/لباس/زینت

وضو میں ٹھوڑی کا دھونا اور حجاب میں اس کا چھپانا ٦٧
حجاب میں ٹھوڑی چھپانے کا حکم ٦٨
مردوں اور عورتوں کے لئے eye brows بنوانے کا حکم ٦٨
چہرے پر پاؤڈر لگانا ٦٨
عورت کے لئے اپنی زینت کے ساتھ تصویر کھنچوانا ٦٨
نامحرم کے سامنے میک اپ کی جائز حد ٦٨
اونچی ہیل والے جوتے پہننا ٦٩
عورت کے لئے اپنے محرم کے سامنے لباس کی ضروری مقدار ٦٩

## ولیّ کی اجازت

باپ اور دادا کی موت کے بعد لڑکی کا ولی ٦٩

## نان و نفقه

رخصتی سے پہلے کا نان نفقہ کس پر واجب ہے ٦٩
شوہر کی جیب سے بتائے بغیر واجب خرچہ نکالنا ٧٠
زنا سے پیدا ہونے والے بچے کا نان ونفقہ ٧٠

## بیوی کے حقوق

عورت کب شوہر کی اجازت کے بغیر گھر سے نکل سکتی ہے ٧٠
بیوی کو میکے یا بہن کے گھر جانے سے روکنا ٧١

عورت کے لئے شوہر کے گھر کی چیزیں کسی کو دینا ۷۱
وقت گزرنے کے ساتھ کیا مہر کی مقدار بڑھ جاتی ہے ۷۱
رخصتی سے پہلے شوہر کی اطاعت ۷۲

**طلاق/خلع**

طلاق کے بعد پتہ چلا کہ گواہ عادل نہ تھا ۷۲
خلع کے بعد شوہر، اگر ماں کو بچوں سے نہ ملنے دے ۷۲

**متفرقات**

عورت کے لئے ڈرائیونگ ۷۳
خواتین کے لئے swimming pool میں جانا ۷۳
اولاد کی خاطر دوسری شادی ۷۴
ڈرامے میں مرد اور عورت اگر ایک دوسرے کا رول کریں ۷۴

## کاروبار/مالی امور

**خرید و فروخت**

کسی چیز کو ادھار پر مہنگا بیچنا ۷۵
ادھار پر مہنگا موبائل فون بیچنا ۷۵
اخبار اور میگزین بیچنے کا کام ۷۵
جاندار کے ڈمی کھلونے ۷۵
میوزیکل کھلونے کی فروخت ۷۶
الگ الگ گاہک کے لئے الگ الگ قیمت لگانا ۷۶

**کافر کی نوکری**

کافر ملک میں ہوٹل میں کام کرنے کا حکم ۷۶

کافر کے پاس نوکری ۷۶

## بینک

گھر بنوانے کے لئے بینک سے قرضہ لینا ۷۷
کاروبار کے لئے بینک سے قرضہ لینا ۷۷
حکومتی بینک کا قرضہ کس کو واپس کیا جائے ۷۷

## متفرقات

مجہول المالک کا آدھا حصہ کس طرح سے فقیر کو دیں ۷۸
چوری کے ازالے کا مناسب طریقہ ۷۸
بجلی اور پانی کی چوری کا حکم ۷۸

# گرے پڑے مال کے احکام

اگر گرا پڑا مال ملا اور مالک نہ مل سکا ۷۹
سڑک سے 5 Rial پڑے ہوئے ملے ۷۹
سڑک سے 500 Rial پڑے ہوئے ملے ۷۹
جنرل اسٹور والا پتہ نہیں کہاں چلا گیا ۸۰

# نذر/قسم

کون سی منت صحیح ہوگی ۸۱
اگر منت پورا کرنے کے پیسے نہ ہوں ۸۲
منت پوری ہونے سے پہلے ہی اس پر عمل کر لینا ۸۲
ماں نے قسم کھائی کہ بیٹی کی شادی میں نہ جاؤں گی ۸۲

# وقف


وقف، لکھنے سے وقف بنتا ہے یا بولنے سے ۸۳

وارث محتاج ہوں اور انسان اپنی چیز کو وقف کر دے ۸۳


# حقوق / عدالتی امور


یہ وصیت کہ میری بیوی کی حیات تک گھر نہ بیچا جائے ۸۴

ماں کی موت کے بعد ماموں سے ماں کا حصہ مانگنے کا حکم ۸۴

عمومی ملکیت کی چیز کو ذاتی چیز کے طور پر استعمال کرنا ۸۵

کسی کے پاس سے اپنی چیزیں بغیر بتائے واپس لے لینا ۸۵

کسی کی کتاب مختصر ردّ و بدل کے ساتھ اپنے نام سے چھپوانا ۸۵

اگر مرحوم نے ہبہ کے کاغذات نہ بنوائے ہوں ۸۶

اگر مسلمان، عیسائی ہو جائے تو ۸۶

عدالت میں کسی کے خلاف کیس دائر کرنا ۸۶


# متفرق فقہی احکام

## عزاداری/امام بارگاہ


مجلس کا چندہ اگر بچ جائے ۸۷

امامبارگاہ کا متولی کیا امامبارگاہ کے ڈونیشن سے قرضہ اٹھا سکتا ہے ۸۷

ائمہؑ کے حرم میں بلند آواز سے گریہ کرنا ۸۸

عزاداری کی وجہ سے نماز کو تاخیر سے ادا کرنا ۸۸

عزاداری میں شرکت اگر والدین راضی نہ ہوں ۸۸

شوہر کو بتائے بغیر مجلسِ عزاء میں جانا ۸۸

بیوی بچوں کو پالے یا نیکی کرے ۸۹

## داڑھی

بیوی کہتی ہے داڑھی منڈ وادو ۸۹
اس نیت سے داڑھی مونڈنا کہ پوری آجائے گی ۸۹

## سلام اور جوابِ سلام

نیوز کاسٹر کے سلام کے جواب ۹۰
غیر عربی زبان کے wish کا جواب ۹۰

## میڈیکل سائنس

نفسیاتی ہسپتال میں ڈاکٹر کے اختیارات ۹۰
کیا مرد کو گائنا کولوجسٹ بننے کی اجازت ہے ۹۱

## تربیتِ اولاد

بچے کو شرعی احکام سکھانے کی ذمہ داری ۹۱
تعلیم کے لئے والد کی رضامندی ۹۱

## استخارہ

استخارے کی حقیقت ۹۲
کیا استخارے پر عمل کرنا ضروری ہے ۹۳

## موسیقی

کیرم، کارڈز اور موسیقی کا حکم ۹۳
شادی میں بغیر موسیقی کے گانوں کی طرز پر نظمیں پڑھنا ۹۳
کیا جناب سیدہؓ کی شادی میں ڈف بجا تھا ۹۴

## متفرق فقہی مسائل


challenging games کھیلنے کا حکم ۹۴
ٹیکسی ڈرائیور سے شراب کے لئے رکنے کا کہا گیا ۹۵
ماں اپنی بیٹی کو بہت بددعائیں دیتی ہے ۹۵
حفظِ قرآن کے لئے اگر سجدے والی آیت بار بار پڑھی جائے ۹۵
جادو کروانا یا ختم کروانا ۹۵
مچھلی کے شکار کا حکم ۹۶
شب قدر کون سی شب ہے ۹۶
قبرستان میں کیا ذمہ داری ہے ۹۶
پرندوں کو پنجرے میں قید کرنا ۹۷
دوسروں کی emails پڑھنا ۹۷
جان بوجھ کر چوتھے ہفتے میں ابارشن کی دیت ۹۷


# اخلاقیات


تربیت نفس کا بہترین طریقہ ۹۸
اخلاقی تعلیمات کا معیار ۹۸


## غیبت


غیبت کی اور بعد میں بتا دیا کہ غیبت کی تھی ۹۸
دل ہی دل میں کسی کے گناہ کا تذکرہ کرنا ۹۹
غیبت کب جائز ہوتی ہے ۹۹


## صلہ رحمی


حرام کام کرنے والے رشتہ دار سے صلہِ رحم ۹۹

صلہ ءِ رحم میں ''رَحِم'' سے کون لوگ مراد ہیں ۱۰۰

## عقائد

بہائی فرقے کے ایک شخص کا سوال ۱۰۱
آیہ ''بَلِّغْ'' کا شانِ نزول ۱۰۲

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# پیش لفظ

سوال و جواب کا پانچواں کتابچہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ جن لوگوں نے فقط ان کتابچوں کا مطالعہ کیا اور انھیں کبھی قرآن و عترت اکیڈمی آنے کا موقع نہیں ملا ممکن ہے ان کے ذہن میں یہ خیال آیا ہو کہ یہ ادارہ فقط کتابچہ شائع کرنے اور کمپیوٹر ویب سائٹ کے کام انجام دیتا ہے۔ جب کہ ایسا نہیں ہے۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ادارہ کی مختصر سے مشغولیت یہاں پیش کی جائے۔

ا۔ لڑکوں کو حوزہ علمیہ کے طرز پر تعلیم دے کر عالم دین بنانا۔

جب کہ انہیں یونیورسٹی کی تعلیم کی بھی تشویق دلائی جاتی ہے۔

۲۔ لڑکیوں کو خواتین کی ضرورت کے مطابق تعلیم دے کر ذاکرہ بنانا۔

۳۔ ایّام عزا کی مجالس، ماہ رمضان میں دروس کا سلسلہ اور معصومین علیہم السلام کی ولادت وشہادت کی مجالس کے علاوہ ہفتہ وار مجلس کا انعقاد۔

۴۔ مساجد اور امام بارگاہوں میں علماء کرام کو بھیجنے کے ساتھ ساتھ ان اداروں کے ساتھ مالی تعاون کرنا۔

۵۔ مشورے اور مسائل معلوم کرنے کے لئے علماء کی خدمات۔

اس کے علاوہ علمی نوعیت کے کام کئے جاتے ہیں جن

سے عام لوگوں کو دلچسپی نہیں ہوتی، لہذا ان کا تذکرہ بھی بے معنی ہے۔

یہ ادارہ جن علماء، طلبہ اور مومنین کی کوششوں سے خدمات انجام دینے کے قابل بنا ہے، خدا ان تمام افراد کی کوششوں کو قبول فرمائے اور ہم سب کو حضرت بقیۃ اللہ عجل اللہ تعالی فرجہ الشریف کی سرپرستی عطا فرمائے۔

وما توفیقی الا باللہ

علی رضا مہدوی

قرآن وعترت اکیڈمی

کراچی پاکستان

# تقلید

سوال۱: ایک چھوٹی بچی جو حال ہی میں بالغ ہوئی ہے، کیا اس کے لئے اتنا کافی ہے کہ اپنے والد سے جو دیندار بھی ہیں، اعلم کے بارے میں سوال کرے اور اگر اطمینان آجائے تو اس کے مطابق عمل کرے؟

جواب: کافی ہے۔

سوال۲: کیا ممیّز بچے کے لئے بھی تقلید کرنا واجب ہے۔ اور ایسے بچے کے بارے میں کیا حکم ہے جو صحیح و غلط اور حلال و حرام کے فرق کو سمجھتا ہو، کیا اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ کسی مرجع تقلید سے رجوع کرے یا عمومی احکام کے لئے عام لوگوں سے سیکھ کر بھی کام چلا سکتا ہے؟

جواب: جب تک وہ بالغ نہ ہو جائے اس پر کچھ بھی واجب نہیں ہے۔

سوال۳: میں نماز کو اپنے طریقے سے پڑھتا تھا اور نماز کی تیسری و چوتھی رکعت میں تسبیحاتِ اربعہ کو ایک بار پڑھتا تھا اور اِسی طرح دیگر عبادات کو اپنے طریقے سے انجام دیتا تھا جب کہ مجھے اس بات کا علم نہیں تھا کہ آیا کوئی مجتہد اس کی اجازت دیتا بھی ہے یا نہیں؟ پھر میں نے کسی ایسے مجتہد کے تقلید کی جو انہیں جائز قرار دیتے تھے۔ کیا ایسی تقلید صحیح ہے یا بالفاظِ دیگر کیا عمل کے انجام دینے

کے بعد تقلید کرنے سے پچھلے اعمال صحیح ہو جائیں گے اور ان کی قضا سے بچا جا سکے گا؟

جواب: اگر آپ کا عمل اس مجتہد کے فتویٰ کے مطابق ہے جس کی تقلید اُس وقت کرنا واجب تھی تو آپ کا عمل صحیح ہوگا۔

سوال۴: آج کے دور میں ہمارے لئے صراطِ مستقیم کیا ہے؟

جواب: صراطِ مستقیم اہلبیت علیہم السلام کا طریقہ ہے جسے ایک عادل اور اعلم مرجع تقلید کی پیروی کے ذریعے حاصل کیا گیا ہو۔

سوال۵: ایک ایسا شخص جو خود فقیہ نہ ہو اگر اسے کسی شرعی حکم کا یقین حاصل ہو جائے تو کیا اس یقین پر عمل کرنا اس کے لئے صحیح ہوگا؟

جواب: اس کے لئے اپنے یقین کے مطابق عمل کرنا جائز ہے لیکن اگر اس کا عمل واقعی حکم شرع کے مخالف ہوا تو اس کے لئے کوئی عذر نہ ہوگا کیوں کہ اس صورت میں یہ شخص جاہل مقصر کہلائے گا۔

# طہارت

## وضو

سوال ٦: اگر کوئی شخص اپنے ہاتھ پر کوئی حرف یا شکل یا جانور کے علاوہ کسی اور چیز کی تصویر کسی آلے مثلاً استرے یا شیشے کے ذریعے کندہ کروائے تو اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟ جب کہ یہ طے ہے کہ اس فعل سے نہ اسے کوئی ضرر پہنچ رہا ہے نہ ہی کوئی ایسی چیز اس کے ہاتھ پر ہے کہ جو وضو کے دوران رکاوٹ بنے، نہ ہی اس میں سیاہی یا رنگ بھرا جائے گا، نہ ہی اس جگہ کو جہاں پر حرف ہے داغا جائے گا اور نہ ہی اس حرف کے کندہ کروانے سے اس کے بدن پر کوئی Side effect ہوگا؟

جواب: یہ فعل حرام نہیں ہے۔

سوال ٧: اگر ناخنوں میں کچھ میل موجود ہو تو وضو کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: وضو کے صحیح ہونے میں کوئی حرج نہیں سوائے یہ کہ وہ میل ظاہری حصہ شمار ہو اور پانی کے پہنچنے میں یہ میل رکاوٹ بنتا ہو۔

سوال ٨: اگر ہاتھوں پر گھی تیل کے نشانات ہوں تو کیا وضو صحیح ہوگا؟

جواب: جی ہاں، صحیح ہوگا۔

سوال۹: کئی افراد بالوں میں تیل لگاتے ہیں، کبھی بالوں میں چمک بڑھانے کے لئے یا مثلاً بالوں کو نرم رکھنے کے لئے وغیرہ۔ سوال یہ ہے کہ وضو میں سر کا مسح کرتے وقت کوئی فرق پڑے گا جب کہ تیل کی ایک تہہ سر پر موجود ہے؟

جواب: محض چکناہٹ سے کوئی فرق نہیں پڑتا لیکن اگر باقاعدہ طور پر تیل کی اتنی تہہ ہے جو پانی کے پہنچنے میں رکاوٹ ہو تو پھر اسے ہٹانا واجب ہوگا۔

سوال۱۰: میں نے نماز کے لئے وضو کیا اور وضو کے دوران یا وضو کے بعد میرا وضو باطل ہوگیا۔ کیا اس صورت میں ان اعضاء کو جو پہلے وضو سے تر ہیں خشک کرنا واجب ہے؟ اور اگر کبھی خشک کئے بغیر دوبارہ وضو کر کے نماز پڑھ لی ہو تو کیا نماز کو دہرانا واجب ہے اور اگر معلوم نہ ہو کہ کتنی مدت تک اسی طرح نماز پڑھی ہے تو اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: صرف اعضاءِ مسح میں اس وقت خشک کرنا ضروری ہے جب پہلے وضو کی تری اتنی زیادہ ہو کہ مسح کی تری نظر ہی نہ آئے یا دوسرے وضو کی تری اس پر غالب نہ آئے۔ ورنہ خشک کرنا واجب نہیں ہے۔

سوال۱۱: نہانے کے فوراً بعد کیا وضو کرنا جائز ہے جب کہ ابھی سر بھی گیلا ہے؟

جواب: اگر مسح کا پانی بالوں پر ظاہر ہو رہا ہو تو جائز ہے۔

سوال۱۲: میرا آپریشن ہونے والا ہے اور ظاہر سی بات ہے کہ اس مقام تک پانی پہچانا ممکن نہ ہوگا۔ تو وضو اور غسل کے لئے میری کیا ذمّہ داری ہوگی؟

جواب: آپ نارمل طریقے سے وضو اور غسل کریں۔ بس پٹی والی جگہ اگر پاک ہے تو اسی پر ورنہ اس پر پاک کپڑا رکھ کر اس پر گیلا ہاتھ پھیر دیں اور اگر ایسا کرنا ممکن نہ ہو یا حرج کا باعث ہو یا نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو تو پھر آپ تیمّم کریں۔

سوال ۱۳: کن زخموں اور پھوڑوں کے ساتھ تیمّم کرنا ضروری ہے اور کن کے ساتھ وضوئے جبیرہ کرنا ضروری ہے؟

جواب: اگر زخم پر پاک پٹی ہو تو احتیاط واجب ہے کہ وضوئے جبیرہ کیا جائے اور اگر زخم پر پٹی نہ ہو تو اس کو اطراف سے دھولینا ہی کافی ہے۔ جب کہ اگر پٹی کے باوجود پانی زخم کے لئے نقصان دہ ہو یا پٹی نجس ہو جسے پاک کرنا ممکن نہ ہو تو تیمّم واجب ہے۔ کچھ اور مسائل بھی ہیں جن کا تذکرہ توضیح المسائل وغیرہ میں کیا گیا ہے۔

# غسل

سوال ۱۴: واجب اور مستحب غسلوں میں عورت کے لئے لمبے بال دھونے کے بارے میں کیا حکم ہے؟ کیا اس کے لئے صرف سر دھونا کافی ہے یا سارے بال بھی دھونا پڑیں گے۔ کیوں کہ بعض عورتوں کے بال کافی لمبے ہوتے ہیں۔

جواب: بال دھونا واجب نہیں بلکہ صرف بالوں کے نیچے کھال تک پانی پہنچانا واجب ہے۔

سوال ۱۵: کیا غسلِ جنابت کے دوران زمین پر گرنے والا پانی نجس ہوتا ہے اور زمین کو پاک کرنا ضروری ہو گا جہاں مجنب شخص نے غسل کیا ہو؟

جواب: یہ پانی نجس نہیں ہے۔

سوال ۱۶: اگر غسلِ جنابت کے دوران کسی زخم وغیرہ سے خون نکلے تو کیا غسل باطل مانا جائے گا۔اس سلسلے میں کیا ذمہ داری ہوگی؟

جواب: اگر خون ایک لمحے کے لئے بھی رک جائے چاہے اسی لمحے جب پانی اس پر ڈالا جارہا ہے تو کافی ہے۔ بعد میں دوبارہ خون نکلنے سے غسل باطل نہیں ہوتا۔

سوال ۱۷: اگر جنب شخص کسی کو سلام کرے اور دونوں میں سے کسی ایک کے ہاتھ پر رطوبت لگی ہو تو کیا دوسرا شخص نجس ہو جائے گا۔ اسی طرح اگر جنب شخص کسی پاک لباس کو رطوبت کے ساتھ مَس کردے تو کیا وہ کپڑا نجس ہو جائے گا؟

جواب: جنب شخص خود پاک ہوتا ہے۔

سوال ۱۸: غسل جنابت کے دوران ایک شخص کی ریح خارج ہوگئی۔ اس نے غسل مکمل کر کے دوبارہ نئے سرے سے غسل کیا، اس میں بھی اس کی ریح نکل گئی۔ اس کی کیا ذمہ داری ہے؟

جواب: غسل دوبارہ کرنا ضروری ہی نہیں تھا اس لئے کہ وہ غسل صحیح ہے۔ ہاں، نماز کے لئے احتیاط واجب کی بناء پر وضو کرنا واجب ہوگا۔

سوال ۱۹: ایک شخص کے کان سے خون بہہ کر باہر نکلتا رہتا ہے۔ ڈاکٹر کا کہنا ہے کہ پانی اس کے کان کے لئے نقصان دہ ہے۔ یہ شخص اپنے کان کو کیسے پاک کرے تاکہ نہا سکے، نماز پڑھ سکے؟ بلکہ اگر اس پر غسل واجب ہو گیا تو اس کی کیا ذمہ داری ہے؟ اس لئے کہ ڈاکٹر نے سختی سے کہا ہے کہ کان میں تیل والی روئی ڈال

کرنا ہے۔

جواب: کان کو پاک کرنا واجب نہیں۔ ہاں، کان تک پانی پہنچائے بغیر باقی حصوں کو پاک کرلے۔ اور مذکورہ صورتِ حال میں غسل کرنا واجب ہی نہ ہوگا بلکہ ایسی صورت میں ذمہ داری ہے کہ تیمّم کرے۔

سوال ۲۰: میں صبح جاگا اور وضو کرکے نماز پڑھ لی، نماز سے فارغ ہو کر پتہ چلا کہ مجھے احتلام ہوگیا تھا۔ میری اس نماز کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: باطل ہے۔

سوال ۲۱: کیا کسی ایسے شخص کے لئے ائمہ علیہم السلام کے حرم میں ٹھہرنا جائز ہے جو نجاست کی حالت میں ہو؟

جواب: جنب شخص اور حائضہ عورت کے لئے ائمہ علیہم السلام کے حرم میں ضریح والے حصے میں جانا احتیاط واجب کی بنا پر جائز نہیں ہے۔ حرم کے صحنوں اور بارگاہوں کو اگر مسجد نہ بنادیا گیا ہو تو ان میں جانا اور ٹھہرنا جائز ہے۔

سوال ۲۲: کیا حضرت ابوالفضل العباسؑ کے روضے پر معصومینؑ کے روضوں کے احکام وارد ہوں گے، اس اعتبار سے کہ اسے نجس کرنا جائز نہیں ہوگا اور مجنب و حائضہ عورت کا اس میں داخل ہونا حرام ہوگا؟

جواب: اگر اسے نجس کرنا اس کی بے احترامی سمجھا جارہا ہو تو اسے نجس کرنا جائز نہیں اور احتیاط یہ ہے کہ حرم شریف کے مخصوص حصّے میں حالتِ جنابت وحیض میں داخل نہ ہوا جائے، البتہ اس کے علاوہ حرم کے دیگر حصّوں میں اگر وہ مسجد نہ ہو تو ان افراد کے جانے میں کوئی حرج نہیں۔

سوال۲۳: حائضہ عورت یا جنب شخص کے لئے کمپیوٹر CD's کو اٹھانے کا کیا حکم ہے جن میں قرآن کے الفاظ کی تصاویر موجود ہوں؟

جواب: جائز ہے۔

سوال۲۴: کیا غسل جمعہ اور باقی مستحب غسلوں کی قضاء جائز ہے؟ اور اگر ہاں، تو کب تک اس کی قضاء کی جاسکتی ہے؟

جواب: روایات میں صرف غسل جمعہ کی قضاء کا تذکرہ آیا ہے اور اس کا وقت جمعہ کے دن غروب سے لے کر ہفتے کے دن غروب تک ہے۔

سوال۲۵: ایک غیر شادی شدہ دیندار لڑکی اکثر خواب کے دوران ایسے غیر اخلاقی مناظر دیکھتی ہے جو اس کے ذہن کو مضطرب کردیتے ہیں اور بعض اوقات اس سے کچھ رطوبت بھی خارج ہوتی ہے، اس بارے میں کیا حکم ہوگا؟ نیز کیا یہ وہی استمناء ہے جس سے غسل واجب ہوجاتا ہے جب کہ یہ بات طے ہے کہ یہ عمل وہ حالتِ اختیار میں نہیں کررہی ہے۔ ان حالات میں وہ خود کو ذہنی طور پر گناہ گار سمجھ رہی ہے اس لئے کہ وہ حرام کاموں کو نہ صرف ناپسند کرتی ہے بلکہ ایسے شہوت انگیز مناظر کو دیکھنے سے مکمل اجتناب کرتی ہے اور اکثر اوقات عبادت اور تلاوتِ قرآن میں مصروف رہتی ہے؟

جواب: اس میں کوئی گناہ کا عمل نہیں اور نہ ہی اس سے اس پر کوئی ذمہ داری عائد ہوتی ہے لیکن اس کے نتیجے میں اگر اس قدر رطوبت خارج ہوئی ہے کہ جس سے داخلی لباس بھی آلودہ ہوجائے تو اس پر غسل واجب ہوجائے گا اور یہ رطوبت نجس ہوگی۔

سوال ۲۶: کیا استحاضہ کے غسل کا حکم صرف واجب نمازوں کے لئے مخصوص ہے یا نافلہ نمازوں کے لئے بھی یہ غسل انجام دینا پڑے گا؟

جواب: اگر یہ وہ استحاضہ ہے جس میں ایک غسل دو واجب نمازوں کے لئے کافی ہوتا ہے تو یہی غسل نافلہ نمازوں کے لئے بھی کافی ہے اور استحاضۂ کثیرہ کے علاوہ میں نافلہ کی ہر دو رکعت کے لئے ایک وضو کیا جائے گا۔

سوال ۲۷: وہ عورت جو استحاضہ قلیلہ میں ہو کیا اس کے لئے وضو کرنے کے بعد قرآن کو مس کرنا اور اس کی تلاوت کرنا جائز ہے؟

جواب: جائز ہے۔

# کھانے پینے کے احکام

سوال ۲۸: کیا غیر مسلموں کے ساتھ مصافحہ کرنا اور کھانا کھانا جائز ہے؟

جواب: مصافحہ میں بذاتِ خود کوئی حرج نہیں ہے اور اگر کھانا نجس نہ ہو تو اس کے ساتھ کھانا بھی جائز ہے۔ لیکن اگر اس کھانے کو غیر کتابی کافر نے مس کیا ہو یا کسی اور نجاست سے نجس شدہ ہاتھ اس کھانے پر لگایا ہو تو اسے کھانا جائز نہیں ہے۔

سوال ۲۹: میں کسی شخص کے گھر مہمان بن کر گیا جب کہ میرے ساتھ نجس بچہ بھی تھا تو کیا مجھ پر ضروری ہے کہ میں میزبان کو بچے کی نجاست سے آگاہ کروں؟

جواب: واجب نہیں۔

سوال ۳۰: کیا ایسے شخص کے ہاتھ کی بنی ہوئی غذا کھانا جائز ہے جو خون کو نجس نہ مانتا ہو اور

نہ ہی اس سے پرہیز کرتا ہو اور اسے خون لگ جائے تو اسے پاک نہ کرتا ہو؟

جواب: جب تک پیش کی جانے والی غذا کی نجاست کے بارے میں یقین نہ ہو جائے اس کا کھانا جائز ہے۔

سوال ۳۱: ہم یورپ میں مقیم ہیں۔ کیا غیر مسلم ہوٹلوں اور ریستوران میں استعمال کئے جانے والے برتن پاک مانیں جائیں گے؟ اور کیا ہم ان برتنوں کو اس بنیاد پر پاک تسلیم کر سکتے ہیں کہ یہ اہلِ کتاب کے برتن ہیں؟

جواب: جب تک آپ کو ان برتنوں کے نجس ہونے کا یقین نہ ہو انہیں پاک ہی مانا جائے گا۔

سوال ۳۲: کھانا کھانے کے دوران اگر منہ میں زخم لگے اور خون نکل آئے جب کہ منہ میں تیل گھی والا کھانا موجود ہو تو کیا اس کو پاک کرنے کا طریقہ یہ ہوگا کہ پہلے سارا کھانا، چکنائی وغیرہ منہ سے باہر نکال دی جائے اور پھر منہ کو پاک کرنے کے لئے اس میں پانی ڈالا جائے؟

جواب: منہ کو پاک کرنا واجب نہیں لیکن نجس کھانے کے اجزاء کو منہ سے نکال دینا ضروری ہے۔ خون کے ختم ہوتے ہی، منہ خود بخود پاک ہو جائے گا۔

سوال ۳۳: گھل کر ختم ہو جانے والا خون کیا ہے؟ اسے کیسے پہنچانا جا سکتا ہے اور اس کی خصوصیات کیا ہیں تا کہ اگر میں اسے انڈے میں دیکھوں تو پہچان لوں؟

جواب: اقویٰ یہ ہے کہ انڈے میں جو کچھ ہے وہ مکمل طور پر پاک ہے۔

سوال ۳۴: ''کرافٹ کمپنی'' کا پنیر پاک ہے یا نجس؟ یعنی ہم یہ جاننا چاہتے ہیں کہ کیا آپ

کو اس کے اجزاء کا علم ہے؟ کیا اس میں سور کا تیل شامل کیا جاتا ہے؟

جواب: یہ بات مشہور ہے کہ ''کرافٹ کمپنی'' سور کا پنیر مایہ استعمال کرتی ہے۔ ہمیں اس بارے میں علم نہیں ہے۔ بہرحال، اگر آپ کو یہ یقین ہو جائے کہ وہ سور کے اجزاء میں سے کوئی بھی چیز استعمال کرتے ہیں تو وہ نجس ہے۔

# بیت الخلاء کے احکام

سوال ۳۵: ٹوائلٹ کی صفائی کے دوران کچھ چھینٹیں اُڑیں جس کے بارے میں نہیں معلوم کہ یہ پیشاب کی چھینٹیں ہیں یا پانی کی، جب کہ نلکا کھلا ہوا ہے اور اس میں سے پانی مسلسل بہہ رہا ہے؟

جواب: اس کی کوئی ذمہ داری نہیں ہے۔

سوال ۳۶: آفس، مارکیٹ اور عوامی مراکز پر پبلک ٹوائلٹس بنے ہوتے ہیں، جن میں سے اکثر روبقبلہ ہوتے ہیں۔ تو کیا ضرورت کے وقت ایسے بیت الخلاء کا استعمال جائز ہے؟

جواب: جائز نہیں ہے، مگر اس وقت جب ایسے ٹوائلٹ میں رفعِ حاجت کے وقت قبلہ سے ہٹ کر بیٹھنا ممکن نہ ہو۔

سوال ۳۷: ٹوائلٹ کی زمین کی طہارت کا کیا حکم ہے جب کہ عام طور پر اس کو لوٹے سے پاک کیا جاتا ہے؟

جواب: جب تک نجاست کا یقین نہ ہو پاک مانیں گے۔

# متفرقات

سوال ۳۸: ایک شخص کو چیزوں کی نجاست وطہارت میں اکثر شک ہوتا رہتا ہے۔ جب وہ کسی ولیمہ میں جاتا ہے تو اسے وہاں کے کھانے میں شک ہوجاتا ہے، جب وہ مسلم ممالک کے بازار سے گوشت، روٹی یا دودھ وغیرہ خریدتا ہے تو اسے ان کے پاک ہونے میں شک ہوجاتا ہے، جب وہ Bathroom میں جاتا ہے تو اسے وہاں کی دیوار اور زمین کے بارے شک ہوتا ہے، جب وہ کسی سے مصافحہ کرتا ہے تو اسے اس کے ہاتھوں کی طہارت کے بارے میں شک ہوتا، جب اسے پانی لگ جاتا ہے تو اسے اس پانی کی طہارت میں بھی شک ہوجاتا ہے، جب وہ کچن میں داخل ہوتا ہے تو پھر اسے شک ہوجاتا ہے، بس اسے ہر وقت شک ہی ہوتا رہتا ہے۔ اب اس کی کیا ذمہ داری ہے؟

جواب: اسے اپنے شک کی پرواہ نہیں کرنی چاہیے۔ یہ تمام چیزیں شیطان کے وسوسوں میں سے ہیں۔ حدیث معصومؑ ہے کہ ''شیطان کو اپنے نفس میں داخل نہ ہونے دو۔'' اس شخص پر صرف شریعت کی پیروی کرنا واجب ہے۔

سوال ۳۹: کبھی انسان مثلاً اپنے ہاتھ پر چھوٹا سا زخم دیکھتا ہے جس پر سرخ پپڑی جمی ہوتی ہے، جس کے بارے معلوم نہیں ہوتا کہ یہ خون ہے یا نہیں۔ اس پپڑی کا کیا حکم ہے؟ اگر کوئی شخص کئی روز تک اسی پر وضو کر کے نماز پڑھتا رہے تو اس کے لئے کیا حکم ہے؟ کیا اسے نمازیں دوبارہ پڑھنا ہوں گی یا اس کی نمازیں صحیح ہیں؟

جواب: پپڑی کو نجس نہیں مانا جائے گا اور پچھلی نمازیں بھی صحیح ہیں۔

سوال ۴۰: کیا کسی عیسائی کے پاس بال کٹوانے وغیرہ کے لئے جایا جاسکتا ہے اور اس دوران اگر وہ سر یا داڑھی کے بال دھوئے تو کیا انہیں نجس مانا جائے گا؟

جواب: عیسائی کے پاس سر اور داڑھی کے بال بنوانے کے لئے جانا جائز ہے اور مذکورہ صورت میں بال نجس بھی نہیں مانے جائیں گے۔

سوال ۴۱: اگر میرے پاس کسی کافر ملک مثلاً اٹلی کے بنے ہوئے چمڑے کے جوتے ہوں تو کیا اس کا پہننا جائز ہے؟

جواب: اگر عقلاء کے اعتبار سے اس بات کا احتمال موجود ہو کہ یہ اس حیوان کی جلد سے تیار کئے گئے ہیں جسے شرعی طریقے سے ذبح کیا گیا تھا چاہے اس اعتبار سے کہ اس چمڑے کو اسلامی ممالک سے Import کیا گیا ہے تو پاک ہے ورنہ نجس مانے جائیں گے۔

سوال ۴۲: پیشاب سے نجس شدہ بدن کو اگر کُر پانی سے پاک کیا جائے تو کیا بدن کو ایک سے زیادہ مرتبہ دھونا ضروری ہے یعنی کیا دو مرتبہ دھویا جائے یا پہلی اور دوسری مرتبہ فاصلہ دینا ضروری ہے یا جب پانی کُر ہو تو صرف ایک بار ہی پانی ڈالنا کافی ہے؟

جواب: دو مرتبہ اس طرح دھونا واجب ہے کہ دونوں کے درمیان فاصلہ ہو اور اگر چکنائی رکاوٹ نہ بن رہی ہو تو اسے ہٹانا واجب نہیں۔ لیکن اگر شک ہو کہ چکنائی پانی پہنچنے میں رکاوٹ ہوگی یا نہیں اور آپ بہت زیادہ شک کرنے والے نہ ہوں تو پھر اسے دور کرنا ضروری ہے۔

سوال۴۳: کہا جاتا ہے کہ لِپ اِسٹک اور میک اَپ میں استعمال ہونے والی کچھ اشیاء نجس ہوتی ہیں؟

جواب: ایسا نہیں ہے۔

سوال۴۴: یہ بڑی عام سی بات ہے کہ بارش کے بعد سڑکیں کافی دیر تک گیلی رہتی ہیں۔ اگر ہم فرض کریں کہ ایک شخص کے پاس جو موٹر سائیکل ہے اس کے wheel نجس تھے اور اس نے سڑک پر وہ موٹر سائیکل چلا دی تو کیا اب جتنی گاڑیاں وہاں سے گزریں گی، سب کے ٹائر نجس مان لئے جائیں گے اور کیا ان سے اڑنے والے چھینٹے بھی نجس مانے جائیں گے چاہے وہ گاڑی فی الحال اس جگہ سے آگے بھی بڑھ گئی ہو جہاں سے موٹر سائیکل گزری تھی؟

جواب: اگر موٹر سائیکل کے wheel پر عین نجاست نہیں تھی تو گاڑیوں کے پہیوں سے اڑنے والے چھینٹے پاک مانے جائیں گے۔

سوال۴۵: بعض پرفیومز میں alcohol ہوتا ہے۔ اس طرح کے پرفیومز کا استعمال کس حد تک حلال ہے؟

جواب: ان کا استعمال حرام نہیں ہے اور نہ ہی انہیں نجس مانا جائے گا۔

سوال۴۶: اگر ہمیں یہ علم نہ ہو کہ مارکیٹ میں ملنے والی بیئر نشہ آور ہے یا نہیں تو کیا اس اعتبار سے اس کا پینا جائز ہوگا کہ شریعت میں جب تک کسی چیز کے نجس ہونے کا یقین نہ ہو جائے اسے پاک ہی مانا جاتا ہے؟ اسی طرح کیا چیک کرنے کے لئے اسے پیا جاسکتا ہے کہ اس سے نشہ ہوتا ہے یا نہیں؟

جواب: جب تک شک ہو اسے پینا جائز ہے۔

# نماز

## مقدمات نماز

## قبلہ

سوال ۴۷: اگر ٹرین، نماز کے وقت میں نہ رُکتی ہو تو نماز کا کیا حکم ہوگا؟ اور قبلہ کیسے معین کیا جائے گا؟

جواب: اگر قبلے کی سمت کا یقین نہ ہو سکے تو جس سمت کا گمان ہو اس طرف رخ کر کے نماز پڑھ لے اور اگر کسی طرف گمان بھی حاصل نہ ہو سکے تو جس طرف بھی رخ کر کے نماز پڑھ لے کافی ہے۔

سوال ۴۸: ہوائی جہاز میں سفر کے دوران اگر مسافر کو قبلے کی صحیح سمت معلوم نہ ہو سکے تو کیا صرف سعودی عرب یا شہرِ مکہ کی سمت رُخ کر کے نماز پڑھ لینا کافی ہوگا؟

جواب: مکہ کی طرف رُخ کر کے نماز پڑھنا کافی ہوگا بلکہ یقین نہ ہونے کی صورت میں جس طرف قبلہ ہونے کا گمان ہو وہ بھی کافی ہے۔

# شرائط لباس

سوال۴۹: کیا نماز کے دوران چمڑا یا ریگزین پہننا یا اس کا بنا ہوا پرس ساتھ میں رکھنا جائز ہے؟

جواب: ریگزین کا استعمال مطلقاً جائز ہے اور اسی طرح چمڑا اگر ایسے جانور کا ہو جس کے بارے میں یقین یا شک ہو کہ یہ ایسے جانور کا ہے جسے شریعت کے مقرر کردہ طریقے کردہ سے ذبح کیا گیا ہے تو اس کا استعمال بھی جائز ہے لیکن اگر یقین ہو کہ ایسے جانور کا ہے جسے شریعت کے مقرر کردہ طریقے سے ذبح نہیں کیا گیا ہے تو دورانِ نماز اس حیوان کا لباس پہننا جائز نہیں البتہ پرس رکھنا جائز ہے۔

سوال۵۰: اس شخص کی نماز کے بارے میں کیا حکم ہے جس کے لباس پر ایک بغلی درہم سے زیادہ خون تھا جب کہ اسے نجاست کا علم نہیں تھا یا یہ معلوم نہیں تھا کہ خون والے لباس سے نماز باطل ہوجاتی ہے۔ کیا اس کے لئے نماز دوبارہ پڑھنا ضروری ہے؟

جواب: اگر وہ جاہلِ قاصر ہو تو ظاہر یہ ہے کہ اس کی نماز صحیح ہے لیکن اگر وہ جاہلِ مقصر ہو اور نماز کا وقت باقی ہو تو احتیاطِ واجب کی بنا پر نماز کو دوبارہ پڑھنا ضروری ہے بلکہ اگر وقت گزر چکا ہو تو قضا کرنا بھی واجب ہے۔

سوال۵۱: غیر مسلم ممالک میں بننے والی جینز پر چمڑے کا ایک tag لگا دیا جاتا ہے جس پر کمپنی کا نام چھپا ہوتا ہے۔ ہمیں نہیں معلوم کہ یہ چمڑا شریعت کے مطابق

ذبح شدہ جانور کا ہے یا نہیں۔ کیا اس میں نماز جائز ہے؟

جواب: جائز ہے۔

سوال۵۲: اگر کوئی مرد shorts پہن کر نماز پڑھتا ہے جو اس کے گھٹنوں سے تقریباً 10cm اونچی ہے تو کیا اس کی نماز صحیح ہے اور صحیح ہونے کی صورت میں کیا یہ خلافِ ادب نہیں ہے؟

جواب: جائز تو ہے لیکن بہتر یہ ہے کہ گھٹنے تک ڈھانپا جائے۔

# واجبات نماز

## قرائت

سوال۵۳: ایک ایسا شخص جس کے لئے صرف "ضاد" کو اس کے صحیح تلفظ کے ساتھ ادا کرنا ممکن نہ ہو تو اس کے لئے نماز میں کیا ذمہ داری ہوگی؟

جواب: اگر اس کے لئے حرف ضاد کی صحیح ادائیگی کرنا ممکن نہ ہو تو پھر جس طرح ممکن ہو ادا کرے۔

سوال۵۴: نماز میں قرائت کے دوران ایک شخص نے ایک لفظ کو صحیح ادائیگی کی خاطر دو مرتبہ دہرایا تو کیا اس کی نماز صحیح ہے؟

جواب: جی ہاں، صحیح ہے۔

سوال ۵۵: آپ کے فتوے کے مطابق جمعہ کے دن ظہر کی نماز میں پہلی رکعت میں سورہ جمعہ اور دوسری رکعت میں سورہ منافقون کی قرائت کے بارے میں کیا حکم ہے؟ اگر کوئی انہیں پڑھنا بھول جائے تو کیا حکم ہے؟ اور اگر انہیں پڑھنا واجب ہے لیکن ایک عورت کو یہ سورے یاد نہ ہوں تو کیا حکم ہوگا؟

جواب: ان کی قرائت مستحب ہے۔

سوال ۵۶: کیا نماز میں چھینک آنے پر الحمدللہ کہنا جائز ہے؟

جواب: جائز ہے۔

# سجدہ

سوال ۵۷: اگر کوئی شخص نماز کے رکوع وسجود میں سبحان اللّٰہ کا ذکر تین بار سے کم یا زیادہ پڑھے تو کیا اس کی نماز باطل ہو جائے گی؟

جواب: احتیاطِ واجب کی بناء پر تین بار سے کم پڑھنا کافی نہیں ہے۔ ہاں، مستحب ہے کہ اسے زیادہ سے زیادہ پڑھا جائے۔

سوال ۵۸: ایک شخص نماز میں رکوع یا سجدوں کے ذکر کو برعکس پڑھتا ہے یعنی حالتِ رکوع میں سبحان ربّی الاعلیٰ و بحمدہ اور سجدوں میں سبحان ربّی العظیم و بحمدہ پڑھتا ہے۔ تو کیا اس صورت میں اس کا یہ عمل صحیح ہوگا؟ اور کیا جان بوجھ کر ایسا کرنا بھی صحیح ہے؟

جواب: اس عمل میں کوئی حرج نہیں۔

سوال ۵۹: ائمہ معصومین علیہم السلام کی قبر مطہر سے لی گئی مٹی کو اگر آگ پر پکایا گیا ہو، اس طرح سے کہ وہ سجدہ گاہ سیاہ ہو چکی ہو، تو کیا اس پر سجدہ جائز ہے؟

جواب: جائز ہے۔

سوال ۶۰: کیا گدّے پر سجدہ کرنا جائز ہے جو پہلے تو ہلتا ہے پھر ایک مقام پر ٹھہر جاتا ہے؟

جواب: اگر زمین پر پیشانی رکھنے کے بعد گدّا ٹھہرتا ہے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

سوال ۶۱: میں نے ایک سنّی مسجد میں نماز پڑھی اور خوف اور بزدلی کی وجہ سے سجدہ گاہ نہ رکھ پایا جب کہ مجھے معلوم بھی نہیں تھا کہ عام جائے نماز پر سجدہ صحیح نہیں ہوتا۔ میری نماز کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: آپ کی نماز صحیح ہے۔

# سجدہ سہو

سوال ۶۲: تفصیل سے بتائیں کہ سجدہ سہو کیسے کیا جاتا ہے؟

جواب: سجدہ سہو میں احتیاط واجب کی بناء پر پیشانی کسی ایسی چیز پر رکھی جائے گی جس پر سجدہ کرنا صحیح ہو۔ پھر سجدے سے اٹھ کر دوبارہ سجدہ کرے، پھر بیٹھ کر تشہد پڑھے اور سلام کہے۔ سلام میں صرف ''السلام علیکم'' کہہ دینا کافی ہے۔ احتیاطِ مستحب ہے کہ سجدوں میں یہ ذکر پڑھے:

بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ السَّلامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهُ

# تشہد

سوال۶۳: اگر کسی شخص کو تیسری یا چوتھی رکعت میں یاد آئے کہ وہ دوسری رکعت کا تشہد بھول گیا ہے تو کیا کرے؟

جواب: اگر اسے تیسری رکعت کے رکوع سے پہلے یاد آجائے تو بیٹھ جائے، تشہد پڑھے اور پھر نماز کو مکمل کرے۔ جب کہ اگر تیسری رکعت کے رکوع میں جانے کے بعد یاد آئے تو نماز کو اسی طرح مکمل کرے اور نماز کے بعد سجدہ سہو بجالائے اور بہتر یہ ہے کہ سجدہ سہو سے پہلے تشہد کی قضا بھی کرے۔

# سلام

سوال۶۴: نماز کے آخری تشہد میں آخری سلام ''السلام علیکم و رحمة اللہ و برکاتہ'' کے دوران چہرے کو دائیں بائیں گھمانا جائز ہے یا جب تک سلام یا تینوں تکبیریں مکمل نہ ہو جائیں، ایسا کرنا جائز نہیں؟

جواب: اگر چہرہ اتنا گھمایا جائے کہ گردن بھی گھوم جائے اور کسی حد تک پیچھے کی چیزیں بھی نظر آسکیں تو اگر یہ عمل سلام یعنی ''السلام علیکم'' کے میم کے بولنے سے پہلے کیا جائے تو نماز باطل ہو جائے گی۔ یہاں تک کہ اگر پہلا سلام ادا کرنے کے بعد بھی یہ عمل انجام دیا جائے تو بھی احتیاطِ واجب یہ ہے کہ نماز باطل ہوگی۔ ہاں، اس کے بعد نماز باطل نہیں ہوگی، لیکن یہ عمل شرعی عمل نہیں ہے لہٰذا ایسا کوئی کام شرعی طور پر استحباب یا واجب کی نیت سے نہ کیا جائے۔

# قنوت

سوال ۶۵: بعض نمازی اپنے ہاتھ میں موجود انگوٹھی کو دورانِ قنوت اس طرح الٹ دیتے ہیں کہ اس کا ظاہری حصہ سامنے آجائے اور ان کا کہنا ہے کہ یہ مستحب ہے؟

جواب: ہم نے اس کے مستحب ہونے کی کوئی دلیل نہیں پائی ہے۔

# نمازِ جماعت

سوال ۶۶: نمازِ جماعت میں جو شخص ایک رکعت پیچھے رہ گیا ہو۔ کیا اس کے لئے امامِ جماعت کے تشہد کے دوران، اٹھتی ہوئی کیفیت میں بیٹھنا اور تشہد پڑھنا واجب ہے؟

جواب: دوسری رکعت میں تو احتیاطِ واجب کی بناء پر ماموم کے لئے اس طرح بیٹھنا ضروری ہے۔ لیکن چوتھی رکعت میں مستحب ہے۔ جب کہ دونوں میں تشہد کا پڑھنا مستحب ہے۔

سوال ۶۷: کئی ساری نماز جماعت میں، میں نے ایک حکم سے لاعلمی کی بناء پر غلطی کی ہے اور وہ یہ کہ میں جب بھی دوسری رکعت میں پیش امام سے ملتا تھا تو اپنی ابتدائی دونوں رکعتوں میں قرائت نہیں کرتا تھا۔ اب میرے لئے کیا حکم ہے؟

جواب: مذکورہ صورتحال میں آپ پر اپنی پہلی رکعت میں جو پیش امام کی دوسری رکعت تھی، قرائت واجب ہی نہیں تھی۔ ہاں، آپ کی دوسری رکعت میں جو پیش امام

کی تیسری رکعت تھی، آپ پر خود قرائت کرنا واجب تھا۔ اب اگر آپ نے قرائت نہیں کی تھی تو آپ پر ان ساری نمازوں کی قضا واجب ہے سوائے اس صورت کے کہ آپ کی لاعلمی کا آپ کے پاس کوئی valid reason ہو جیسے آپ کسی قابل اعتماد فرد کی بات مان کر ایسا کر رہے تھے یا آپ نے توضیح پڑھی تھی لیکن مسئلہ صحیح طرح نہیں سمجھ پائے تھے۔

سوال ۶۸: اگر دورانِ قرائت امامِ جماعت کچھ بھول جائے اور کوئی بھی شخص امام کو اس جانب متوجہ نہ کرے تو اس صورت میں امامِ جماعت اور ماٴ مومین کے بارے میں کیا حکم ہوگا جب کہ ماٴ مومین میں سے بعض اس جانب متوجہ ہیں کہ امام کچھ بھول گئے ہیں اور بعض دوسرے ماٴ مومین اس کی طرف متوجہ نہیں؟

جواب: امامِ جماعت اور ان ماٴ مومین کی نماز تو درست ہے جو امامِ جماعت کی اس بھول کی طرف متوجہ نہیں، البتہ وہ ماٴ مومین جو اس جانبَ متوجہ تھے ان کی ذمہ داری تھی کہ وہ فرادیٰ ہو جاتے اور قرائت کو خود انجام دیتے اور اگر انہوں نے ایسا نہ کیا تو ان کی نماز باطل ہے سوائے یہ کہ ان میں سے کوئی جاہلِ قاصر ہو۔

سوال ۶۹: باپ اپنے بیٹے سے کہتا ہے کہ فلاں پیش امام کے پیچھے نماز پڑھو جب کہ بیٹا اس پیش امام کو عادل نہیں سمجھتا تو اس کی کیا ذمہ داری ہے؟

جواب: وہ اس پیش امام کے پیچھے نماز نہ پڑھے اور اس طرح کے مقامات پر باپ کی اطاعت جائز نہیں۔

سوال ۷۰: جس مسجد میں نماز جماعت ادا کی جاتی ہو وہاں اسی دوران فرادیٰ نماز پڑھنے کے بارے میں کیا حکم ہے۔ یہ بات بھی ہے کہ جو شخص فرادیٰ نماز پڑھ رہا ہے

وہ بہر حال ایک اچھی اجتماعی شہرت کا حامل ہے اور اس کے اس عمل کی وجہ سے یہ بھی ہو سکتا ہے کہ کچھ مومنین کو امام جماعت کی عدالت میں ہی شک ہو جائے؟

جواب: فرادیٰ نماز تو صحیح ہو جائے گی لیکن بہر حال ایسا کوئی کام کرنا جائز نہیں ہے جس سے مومن کی بے حرمتی ہوتی ہو۔

سوال ۷۱: آہستہ پڑھی جانے والی نماز میں اگر لاؤڈ اسپیکر کی وجہ سے امامِ جماعت کی قرائت کی آواز سنائی دے رہی ہو جو کہ عادی و طبیعی نہ ہو تو کیا اس صورت میں مأ مومین کے لئے تسبیح پڑھنے کا استحباب ختم ہو جاتا ہے؟

جواب: استحباب ختم نہیں ہوتا چاہے طبیعی طور پر بھی آواز سنائی دے رہی ہو۔

سوال ۷۲: کیا داڑھی مونڈے شخص کا جماعت نماز میں پہلی صف میں کھڑا ہونا مکروہ ہے؟

جواب: مکروہ نہیں ہے۔

سوال ۷۳: اگر کوئی شخص نماز جماعت کے دوران اپنی سوچوں میں ہو اور نماز کو بھولا ہوا ہو تو کیا اس کی نماز صحیح ہو گی؟

جواب: جی ہاں، اس کی نماز صحیح ہے۔

سوال ۷۴: کیا نماز جماعت پڑھتے ہوئے فرادیٰ کی نیت کرنا جائز ہے؟

جواب: اگر یہ کام بلا وجہ کیا جائے تو احتیاط واجب کی بناء پر اس کی جماعت شروع ہی سے باطل مانی جائے گی (صرف جماعت باطل مانی جائے گی، نماز نہیں)۔ لہٰذا اگر اس نے جماعت کی وجہ سے کوئی ایسا کام کیا ہو جو فرادیٰ نماز کو باطل کر دیتا

ہے مثلاً اگر اس نے جماعت کو بچانے کے لئے ایک ہی رکعت میں دو بار رکوع کر لیا تھا تو احتیاط واجب کی بنا پر اس کی نماز باطل مان لی جائے گی۔

سوال ۷۵: کیا نمازِ جماعت میں پیش امام سے پہلے نماز کا سلام کہنا جائز ہے؟

جواب: جی ہاں، جائز ہے البتہ افضل یہی ہے کہ امامِ جماعت کے بعد کہا جائے۔

سوال ۷۶: میں نمازِ مغرب جماعت کے ساتھ نہ پڑھ سکا لہٰذا میں نے عشاء کی نمازِ جماعت میں مغرب کی نماز پڑھی اور تیسری رکعت کے بعد سلام ادا کیا اب صورت یہ ہے کہ مجھ پر دو سجدۂ سہو بھی واجب ہیں، لیکن میری خواہش ہے کہ میں عشاء کی نماز کو جماعت کی فضیلت کے ساتھ انجام دوں۔ اس صورت میں میرے لئے کیا حکم ہے؟

جواب: اگر سجدۂ سہو واجب ہے تو اسے ترک کرنا جائز نہیں۔

# قصر نماز

سوال ۷۷: ہمیں ایک ایسے مقام کی طرف جانا پڑا جہاں نماز قصر ہو جاتی ہے۔ وہاں پر اذان بھی ہوگئی لیکن نماز پڑھنے کا وقت نہ مل سکا اور ہم دوبارہ اپنے مقام پر واپس آ گئے۔ یہاں پہنچ کر اب نماز قصر ہوگی یا پوری؟

جواب: اب نماز پوری پڑھنا ہوگی۔

# مستحب نماز

سوال۷۸: کیا تمام مستحب نمازوں کو الحمد کے بعد بغیر سورے کے پڑھنا جائز ہے جیسے روزانہ کی نافلہ نماز، نمازِ شب، نمازِ جعفرِ طیّارؑ یا ائمہؑ سے مخصوص نمازیں اور اگر ایسا نہیں ہے تو کون سی نماز اس حکم سے الگ ہے؟

جواب: تمام مستحب نمازوں کو الحمد کے بعد بغیر سوروں کے پڑھنا جائز ہے سوائے ان نمازوں کے جن میں کوئی مخصوص سورہ یا آیت پڑھنے کو کہا گیا ہے کیونکہ اِن سوروں یا آیت کے بغیر انہیں وہ نماز سمجھا ہی نہیں جائے گا جیسے نمازِ غفیلہ۔

سوال۷۹: نماز وتر میں کیا صرف ایک بار سورہ قل ھو اللہ احد یا کوئی اور سورہ پڑھ لینا کافی ہے؟ اور اگر انسان نماز شب نہ پڑھ پائے یہاں تک کہ فجر کا وقت ہو جائے تو کیا ایسے شخص کے لئے نمازِ شب کا وقت طلوعِ آفتاب تک باقی رہتا ہے؟

جواب: ایک سورہ پڑھ لینا کافی ہے اور اگر انسان ایسے وقت بیدار ہو جب فجر ہو چکی ہو تو پہلے نمازِ شب پڑھ لے پھر نماز صبح پڑھے۔ لیکن نمازِ شب بہر حال قضا کی نیت سے ہوگی۔

سوال۸۰: کیا مستحب نماز میں الحمد مکمل کرنے کے بعد کسی سورے کا صرف ایک حصہ، مستحب کی نیت سے پڑھنا جائز ہے؟

جواب: جائز ہے۔

سوال۸۱: نمازِ غفیلہ میں اگر کوئی شخص پڑھی جانے والی مخصوص آیات کو بھول کر اس کے بدلے کوئی دوسرا سورہ پڑھ لے تو مندرجہ ذیل صورتوں میں اس کی کیا ذمہ داری ہوگی؟

ا: جب اسے رکوع میں جانے سے پہلے یاد آئے۔

۲: جب اسے رکوع یا اس کے بعد یاد آئے۔

۳: نیز اگر کوئی شخص نمازِ غفیلہ کے قنوت میں پڑھی جانے والی مخصوص دعا کی جگہ بھول کر کوئی اور دعا پڑھ لے تو کیا حکم ہے اور کیا ویسے بھی اس کے بدلے کوئی دوسری دعا قنوت میں پڑھ سکتا ہے؟

جواب: پہلی صورت میں وہ ان مخصوص آیات کی تلاوت کرے گا اور نماز کو جاری رکھے گا جب کہ دوسری صورت میں نماز کو جاری رکھے گا سوائے یہ کہ اس صورت میں اس نماز کو وارد شدہ نمازِ غفیلہ شمار نہ کیا جائے۔قنوت میں مخصوص دعا بھول جانے سے نماز کو کوئی ضرر نہیں پہنچتا۔

سوال۸۲: مختلف اسلامی ملکوں میں مومنین کا یہ طریقہ کار رہے کہ جمعہ کے دن نمازِ عصر کے بعد امام حسینؑ کی زیارت اجتماعی طور پر پڑھی جاتی ہے۔اس کے بعد لوگ دو رکعت نمازِ زیارت امام حسینؑ بھی پڑھتے ہیں، سوال یہ ہے کہ کیا اس اعتبار سے کہ نمازِ زیارت خاص طور پر امام حسینؑ کے حرم میں ہی مستحب ہے تو اپنے اپنے علاقوں میں اسے مستحب کی نیت سے پڑھا جائے یا رجائے مطلوبیت کی نیت سے؟

جواب: رجائے مطلوبیت کی نیت سے پڑھا جائے۔

# احکام مسجد

سوال۸۳: کیا مسافروں کے لئے مسجد میں سونا جائز ہے؟

جواب: اگر نمازیوں کے لئے رکاوٹ نہ بن رہا ہو تو ان کا سونا جائز ہے۔

سوال۸۴: ایک ادارے میں کچھ مومنین، مسلمانوں کے دوسرے فرقوں کے ساتھ تعلق رکھنے والے افراد کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں اور چوں کہ ماحول دوستانہ ہے لہٰذا تقیہ کی بھی گنجائش نہیں ہے۔ اب عملی طور پر کچھ مومنین اس حدیث مبارک کو دیکھتے ہوئے کہ ''مسجد کے پڑوسی کے لئے مسجد کی نماز کے علاوہ کوئی نماز نہیں'' مسجد میں ہی نماز ادا کرتے ہیں لیکن ظاہر سی بات ہے کہ اس کے لئے ان کو اہلسنّت کی جماعت وغیرہ ختم ہونے کا انتظار کرنا پڑتا ہے جس میں عام طور پر ایک گھنٹے کے لگ بھگ وقت نکل جاتا ہے یعنی فضیلت کا وقت نکل جاتا ہے جب کہ بعض دوسرے مومنین مثلاً لائبریری میں ہی نماز ادا کر لیتے ہیں تا کہ فضیلت کے وقت میں نماز ادا ہو سکے چاہے مسجد میں نماز نہ ملے۔ اور یہی مسئلہ آج کل بحث بازی کا موضوع بنا ہوا ہے کہ آیا فضیلت کا وقت زیادہ اہم ہے چاہے مسجد چھوڑنی پڑے یا مسجد اہم ہے چاہے فضیلت کا وقت چھوڑنا پڑے۔ آپ اس سلسلے میں کیا فرماتے ہیں؟

جواب: فضیلت کا وقت زیادہ اہم ہے۔

# متفرقات

سوال۸۵: نماز مکمل کرنے کے بعد ایک شخص نے دیکھا کہ اعضاء میں سے کسی مقام پر کوئی ایسی چیز لگی ہوئی ہے جو پانی پہنچنے میں رکاوٹ ہے۔ اب اس کی کیا ذمہ داری ہے؟ اور اگر نماز کے دوران مثلاً قنوت میں اسے کسی ایسی چیز کا علم ہو جائے تو اس کی کیا ذمہ داری ہوگی؟

جواب: اگر اسے یقین ہے کہ وضو کے دوران بھی وہ چیز موجود تھی تو ہر صورت میں اس کے لئے وضو اور نماز کا دہرانا ضروری ہے اور اگر نماز کے دوران اسے معلوم ہو تو ضروری ہے کہ نماز توڑ دے۔

سوال۸۶: کیا نجس جاءنماز پر نماز پڑھنا جائز ہے؟

جواب: اگر سجدہ گاہ پاک ہو تو جائز ہے۔

سوال۸۷: عورت کے لئے کیا زیادہ بہتر ہے۔ گھر میں نماز پڑھنا یا مسجد میں؟

جواب: اگر دونوں جگہ اسے ایک جیسا پردہ مل رہا ہے تو پھر مسجد افضل ہے۔

سوال۸۸: بچہ اگر رو رہا ہو تو اس دوران نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟ کیا میں اسے نماز مکمل کرنے تک روتا ہوا چھوڑ دوں۔ خاص طور پر صبح اور مغرب کی نماز میں، تا کہ نماز کا وقت نہ نکل جائے یا بچے کو feed کرواؤں چاہے نماز کا وقت نکل جائے؟

جواب: اگر نماز کی ادائیگی میں وقت باقی ہے تب تو پہلے اسے feed کروا دیں لیکن

اگر وقت اتنا کم ہے کہ نماز قضا ہو جائے گی جب کہ اسے اتنی دیر کے لئے چھوڑنا بھی اس کے لئے قابلِ ذکر نقصان کا سبب بن رہا ہو تو اسے نماز کے دوران ہی feed کروا دیں چاہے اس کے لئے مکمل بیٹھ کر نماز پڑھنی پڑے اور رکوع و سجود بھی اشارے سے کرنا پڑیں۔

سوال ۸۹: کیا داڑھی مونڈے شخص کی نماز قبول ہے؟

جواب: یہ قطعی طور پر نہیں کہا جا سکتا کہ نماز کو قبول کروانے یا اس میں رکاوٹ ڈلوانے والے امور کون کون سے ہیں۔ لہٰذا اس بات کا امکان ہے کہ ایک داڑھی مونڈے شخص کی نماز قبول ہو جائے جب کہ اس بات کا امکان بھی ہے کہ ایک ایسے شخص کی نماز ٹھکرا دی جائے جو ظاہری طور پر نیک اور پرہیزگار ہو۔

سوال ۹۰: دو نمازِ جمعہ کے درمیان ایک فرسخ کے فاصلے کی جو شرط ہے، اس میں معیار ایک بالکل سیدھا راستہ ہے یا ایسا راستہ جس سے عام طور پر لوگ آتے جاتے ہیں؟

جواب: اس میں عام رائج راستہ معیار ہے۔

سوال ۹۱: جب مستحب اور مکروہ ٹکرا جائیں تو کون مقدم ہوگا؟ جیسے جماعت مستحب ہے جب کہ نمازی نے لہسن کھایا ہو اور پھر جماعت کے لئے وہ اس کراہت والی حالت میں مسجد میں جائے تو کون سا عمل شمار ہوگا؟ مکروہ یا مستحب؟ اب آیا وہ نماز کو چھوڑ دے تو ثواب سے محرومی کا باعث ہوگا؟ یا پھر اس حالتِ کراہت میں نماز پڑھے؟ اور اسی طرح جیسے نماز کو اولِ وقت میں ادا کرنا مستحب ہے جب کہ اس وقت اسے پیشاب بھی آئی ہو اور اسی طرح کے دیگر موارد؟

جواب: اس سلسلے میں موارد مختلف ہوتے ہیں اور اوپر پیش کئے گئے دونوں مورد میں

کراہت مقدم ہے۔ یعنی کراہت سے بچنا زیادہ اہم ہے۔

سوال۹۲: کیا مرحومین یا زندہ افراد میں سے کسی کے لئے پنجگانہ نمازوں کا ثواب ہدیہ کرنا جائز ہے؟

جواب: جائز ہے۔

سوال۹۳: اگر لڑکا اپنے مرحوم باپ کی قضا نمازیں ادا نہ کر رہا ہو تو کیا چھوٹے بیٹے پر واجب ہو جائیں گی؟

جواب: جی نہیں! واجب نہیں ہوں گی۔

# روزہ

سوال۹۴: اُس شخص کے بارے میں کیا حکم ہے کہ جو غسلِ جنابت انجام دے رہا ہے اور ایسے میں فجر طلوع ہو جائے جب کہ وہ جانتا ہو کہ جس قدر سُست رفتاری سے وہ غسل کر رہا ہے اس میں آدھا گھنٹہ گذر جائے گا یہاں تک کہ فجر طلوع ہو جائے تو کیا اس کی خطا تصور کی جائے گی اور کیا اس صورت میں اس پر روزے کی قضا لازم ہوگی؟

جواب: اس کے لئے اس طرح کی تاخیر کرنا جائز نہیں اور اگر وہ جان بوجھ کر ایسا کرے گا تو اسے ایک دن کا روزہ بھی رکھنا پڑے گا اور کفارہ بھی دینا ہوگا۔

سوال۹۵: ایک رات مجھ پر نیند غالب تھی اور میں سحری کے لئے نہ اٹھ سکا، اب اس صورت میں مجھے کیا کرنا ہوگا جب کہ میں نے نیّت پہلے ہی سے کر رکھی تھی، کیا میرا روزہ صحیح ہوگا؟

جواب: جی ہاں، آپ کا روزہ صحیح ہے۔

سوال۹۶: تھوک نگلنے سے روزہ باطل نہیں ہوتا لیکن بعض اوقات جب دانتوں سے خون نکلتا ہے اور ہمیں اس کے بارے میں علم بھی اس وقت ہوتا ہے جب اسے

تھوک کے ساتھ نگل لیا گیا ہو پھر فوراً ہم منہ کو دھو لیتے ہیں۔ لہٰذا اس کے بارے میں کیا حکم ہوگا؟ کیا اس صورت میں ہم پر کوئی ذمہ داری ہوگی؟ نیز ہمیں یہ بھی علم نہیں کہ ایسا ہمارے ساتھ کتنی دفعہ ہو چکا ہے؟

جواب: صرف ایک خاص ذائقہ آنے کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ وہ چیز خون ہی تھی۔ بہر حال مذکورہ صورت میں روزہ بالکل صحیح ہے اور منہ دھونا بھی واجب نہیں۔

سوال ۹۷: مجھے سانس کی بیماری ہے اور علاج کے طور پر میرے لئے inhaler استعمال کرنا ضروری ہے۔ تو میں رمضان میں کیا کروں؟

جواب: inhaler کے ذریعے جو دوا منہ میں جاتی ہے اگر وہ سانس کی نالی میں چلی جاتی ہے نہ کہ کھانے کی نالی میں تو پھر اس کے استعمال میں کوئی حرج نہیں۔

سوال ۹۸: ایسے بڑے شہروں میں جو معمول سے بڑھ کر بڑے ہوں، شرعی طور پر سفر کی ابتداء کہاں سے ہوا کرتی ہے؟

جواب: اگر وہ اس قدر بڑا شہر ہو کہ جس میں ایک مقام سے دوسرے مقام تک جانا عام لوگوں کے اعتبار سے سفر کہلاتا ہو تو سفر کی ابتداء کا حساب اس کے محلّہ سے کیا جائے گا۔

# خمس

## عمومی مسائل

سوال۹۹: میرا شوہر مجھے ہر ماہ کچھ جیب خرچ دیتا ہے، جس میں سے میں ہمیشہ کچھ رقم اپنے پاس بچا لیتی ہوں تا کہ عراق میں اپنے غریب رشتہ داروں کی مدد کرسکوں۔ میرے شوہر کا خیال ہے کہ میں یہ ساری رقم خرچ کرلیتی ہوں، جب کہ ایسا نہیں ہے اور میں اسے بتا بھی نہیں سکتی ہوں ورنہ وہ ساری رقم مجھ سے لے لے گا۔ اسی دوران میری اور میرے شوہر کی خمس کی ادائیگی کی تاریخ آ گئی۔ جب ہم حساب کتاب کرنے بیٹھے تو اس وقت بھی میں نے اپنے شوہر کو اس رقم کی بابت کچھ نہیں بتایا۔ ایک تو اس لئے کہ اس سال میرے شوہر پر خمس واجب نہیں ہو رہا تھا اور دوسرے اس لئے کہ میرے شوہر پر میرے پاس موجود رقم سے زیادہ قرضہ واجب الادا تھا۔ اب مجھے نہیں معلوم کہ آیا مجھ پر خمس واجب ہے یا نہیں اور آیا اپنے شوہر کو اس بارے میں اطلاع دینا ضروری ہے یا نہیں؟

جواب: اگر آپ کا شوہر آپ کو مال بخش دیتا تھا یا نان ونفقہ کی مد میں دیتا تھا تو آپ کے شوہر پر تو اس بابت میں کوئی خمس واجب نہیں ہے اور نہ آپ پر واجب ہے کہ اسے اس بارے میں کوئی اطلاع دیں۔ ہاں، جس مقدار پر ایک سال گزر

چکا ہو اور آپ کی علیحدہ سے اپنی کوئی کمائی نہ ہو تو اس مقدار پر خمس نکالنا آپ پر واجب ہے اور اگر آپ کی اپنی کوئی علیحدہ سے کمائی بھی ہو تو مالی سال گزرنے پر جو کچھ بھی آپ کی بچت ہے اس پر خمس نکالنا آپ پر واجب ہے۔

سوال ۱۰۰: ایک شخص کے پاس کچھ مال جمع ہے اور وہ سال کے ختم ہونے سے پہلے اس میں سے کچھ رقم سے کسی کمپنی کے شیئرز خریدتا ہے تو کیا سال کے اختتام پر ان شیئرز پر خمس ہوگا جب کہ ان کی قیمتیں گر چکی ہیں اور اگر واجب ہوگا تو قیمتِ خرید پر خمس نکالا جائے گا یا موجودہ قیمت پر؟

جواب: وہ موجودہ قیمت پر خمس نکالے گا۔

سوال ۱۰۱: آپ نے اپنی کتاب منہاج الصالحین کی کتاب خمس کے مسئلہ نمبر ۱۲۲۸ میں فرمایا ہے کہ جو شخص چند سالوں کے عرصے میں گھر بنوائے اور اس جیسے شخص کے لئے معمول یہی ہو کہ چند سال میں گھر بنوا سکتا ہو تو ایسے شخص پر ہر سال گزرنے پر اس گھر کے سامان پر خمس واجب نہیں ہوتا۔ سوال یہ ہے کہ اگر وہ کچھ نہ کچھ خریدنے اور بنانے کے بجائے چند سال تک cash جمع کرتا رہے تاکہ ایک ساتھ ایک مکان خرید سکے تو کیا یہی حکم ہوگا یا اسے خمس دینا پڑے گا؟

جواب: اس صورتحال میں اس پر خمس واجب ہے۔

سوال ۱۰۲: میں ایک شادی شدہ انسان ہوں لیکن میں نے آج تک اس لئے خمس نہیں ادا کیا کہ میرے پاس کوئی چیز ایسی تھی ہی نہیں جس پر خمس واجب ہوتا۔ میرے پاس تو بس وہی چیزیں ہیں جو معمولاً ہر انسان کے پاس ہوتی ہیں اور جنہیں انسان اپنی عام زندگی میں استعمال کرتا ہے۔ اب میں حج پر جانا چاہتا ہوں۔

میرے ایک دوست نے کہا کہ حج پر استعمال کئے جانے والے مال کا خمس نکالنا ضروری ہے۔ کیا یہ صحیح ہے؟

جواب: انسان پر سے خمس صرف اس لئے معاف نہیں ہوسکتا کہ اس کے پاس جو چیزیں ہیں وہ معمول کے مطابق ہیں۔ بلکہ آپ پر واجب ہے کہ کام کرنے کی شروعات سے ایک سال گزرنے پر جو کچھ آپ کے پاس بچا ہوچا ہے نقدی کی صورت میں یا ان اشیاء کی صورت میں جو گھر میں استعمال ہوتی ہیں جیسے گھی، چاول وغیرہ، اس کا خمس ادا کریں۔ اسی طرح گھر کا سامان بھی اگر پورے سال تک استعمال نہ ہوتو اس کا خمس ادا کرنا بھی ضروری ہے۔ رہی بات حج کی تو مسئلہ یہ ہے کہ جو مال آپ حج کے لئے استعمال کر رہے ہیں اگر یہ اسی سال میں حاصل ہوا ہے جس سال حج کر رہے ہیں تو خمس نکالنا ضروری نہیں ہے اور اگر یہ مال ایک سال سے پہلے کا ہے۔ جب کہ سال کی ابتداء کا حساب کام کی شروعات کے پہلے دن سے کیا جا رہا ہوتو پھر اس مال کو کسی بھی جگہ استعمال کرنے سے پہلے اس کا خمس نکالنا ضروری ہے۔

سوال ۱۰۳: ایک عورت نے اپنے زیورات کو ایک دو ماہ استعمال کیا اور پھر اس کا وہ زیور ٹوٹ گیا۔ اس کو دوبارہ صحیح کرواتے کرواتے ایک سال گزر گیا تو کیا اس پر خمس نکالنا واجب ہوگا؟

جواب: بہر حال اگر وہ ان زیورات سے بے نیاز نہیں ہوئی تو اس پر خمس واجب نہیں ہے۔

سوال ۱۰۴: عام طور پر عورت کتنی مقدار میں سونا پہن سکتی ہے جسے روزمرہ کے استعمال کے

مطابق کہا جا سکے؟

جواب: یہ اس معاشرے کے عرف کے اعتبار سے ہوگا جہاں وہ عورت رہتی ہے۔

سوال ۱۰۵: ایک جائداد کے مالک نے اپنی پگڑی پر دی ہوئی جائداد کی پگڑی اپنے نواسوں کو تحفے میں دے دی، لیکن خود اس نے آج تک اپنی جائداد کا خمس نہیں نکالا تھا۔ اس پر کتنی مقدار کا خمس واجب الادا ہے، جب کہ جائداد کی قیمت، اصل قیمت خرید سے بہت اوپر جا چکی ہے؟

جواب: اگر اس نے وہ جائداد پچھلے سالوں کے حاصل شدہ منافع پر ایک سال گزرنے کے بعد خریدی تھی تو صرف قیمت خرید پر ہی خمس واجب ہے۔ لیکن ابھی منافع پر ایک سال نہیں گزرا تھا اور اس سے وہ جائداد خرید لی تھی تو پھر موجودہ قیمت کا خمس دینا ضروری ہوگا۔

سوال ۱۰۶: ایک عورت کے پاس کچھ مال تھا جس پر ایک سال سے زائد کا عرصہ گزر چکا ہے اور اب اس نے اس مال سے کچھ زیورات خرید لئے تو کیا زیورات پر خمس واجب ہوگا؟

جواب: خمس زیورات پر واجب نہیں ہوگا بلکہ اصل مال پر واجب ہوگا جس سے زیور خریدا گیا ہے۔

سوال ۱۰۷: اگر کسی شخص کو سال شروع ہونے کے کچھ عرصے بعد کچھ مال بطورِ منافع حاصل ہو اور سال کے اختتام سے قبل ہی وہ وفات پا جائے تو کیا اس کے وارثوں پر اس کے مال یا منافع سے خمس نکالنا واجب ہوگا؟

جواب: جی ہاں، واجب ہوگا۔

# قرضے پر خمس

سوال ۱۰۸: مجھے زبردستی قرض پر ایک گاڑی دی گئی ہے۔ میں نے اسے ایک سال تک تو چلایا بھی نہیں ہے، نہ ہی اس کی قسطیں ادا کی ہیں۔ کیا اس پر خمس دینا واجب ہوگا؟

جواب: قرض ادا کر دینے کے بعد اس پر خمس واجب ہوگا اور اس دوران جتنی قسطیں آپ ادا کرتے جائیں گے اتنی مقدار کا خمس واجب ہوتا چلا جائے گا۔

سوال ۱۰۹: میں نے اپنی کمپنی سے بلاسودی قرضہ لیا جس کی قسطیں وہ میری تنخواہ سے کاٹ لیں گے۔ کیا اس مال پر خمس واجب ہوگا؟

جواب: اس پر خمس واجب نہیں۔ ہاں، سال کے اختتام پر جو مقدار آپ کے پاس بچ جائے اور اس کی قسط ادا کی جا چکی ہو اس مقدار پر خمس واجب ہے۔

سوال ۱۱۰: ایک شخص اپنی حیثیت کے مطابق گھر ایک ہی صورت میں حاصل کر سکتا ہے کہ پہلے قرض لے اور اس سے ایک لمبی مدت میں گھر تعمیر کروا کر اسے کرائے پر دے دے تا کہ اس سے حاصل ہونے والی آمدنی سے اس قرضے کو اتار سکے اور پھر اس گھر میں رہائش پذیر ہو تو کیا اس پر خمس ہوگا؟

جواب: اگر اس طرح رہائش حاصل نہ کرنا گھر والوں کے حقوق میں کوتاہی شمار ہوتی ہو اور اس کی جانب سے گھر والوں کو ان کی شان کے مطابق ان کے مستقبل کو اہمیت نہ دینا تصور کیا جائے تو اس پر خمس واجب نہیں، ورنہ ہر سال کے اختتام

پر جو قرضہ وہ گھر کی مد میں ادا کرتا ہے اس پر خمس نکالنا واجب ہوگا۔

# متفرقات

سوال ۱۱۱: اگر کسی شخص کے خمس دینے کے سال کی ابتداء محرم کے پہلے روز سے ہوئی ہو تو کیا اسی روز خمس کی واجب مقدار کو الگ کر دینا واجب ہے؟

جواب: اس صورت میں اسی روز مستحق تک ان کے حق کو پہنچا دینا واجب ہے اور صرف الگ کر دینا کافی نہیں بلکہ ضروری ہے کہ سہمِ سادات کو سیّد فقراء یا مرجعِ وقت تک پہنچا دے اور سہمِ امامؑ کو مرجعِ وقت یا ان کے وکیل تک پہنچا دے۔

سوال ۱۱۲: سال گزرنے کے بعد کیا کسی ایسی چیز کو جس پر خمس واجب ہو چکا ہو، اس نیت سے استعمال کرنا جائز ہے کہ بعد میں اس کا خمس نکال دیں گے؟

جواب: جائز نہیں ہے۔

سوال ۱۱۳: وہ افراد جو مرحوم مجتہدین اعلیٰ اللہ مقامہم کی تقلید پر باقی ہیں، کیا ان مرحومین کے وکلاء کو حقوق شرعیہ دے سکتے ہیں؟

جواب: وکیل بنانے والے کی وفات کے ساتھ ہی وکالت ختم ہو جاتی ہے اور حقوق شرعیہ کے لئے احتیاطِ واجب کی بناء پر ضروری ہے کہ یا مجتہدِ اعلم تک پہنچایا جائے یا اس کے مقرر کردہ وکیل تک یا پھر اس کی اجازت سے شرعی طور پر مقررہ موارد میں خرچ کیا جائے۔

سوال ۱۱۴: جو چیزیں مساجد اور امام بارگاہوں کے لئے دے دی جاتی ہیں اور اس پر خمس بھی واجب ہوتا ہے، جسے ان کے مالکوں نے ادا بھی نہیں کیا ہوتا تو کیا عوام الناس کے لئے اس میں تصرف کرنا جائز ہے؟

جواب: ان چیزوں کا استعمال تمام مؤمنین کے لئے مطلقاً جائز ہے۔

سوال ۱۱۵: اگر کوئی شخص اپنا مال بینک میں رکھوائے اور ایک سال کے بعد بینک اس پر کچھ منافع ادا کرے پھر معلوم ہو کہ اُس رکھوائے گئے مال پر خمس ادا کرنا ضروری ہے تو خمس کی مقدار کی بہ نسبت جو منافع حاصل ہوا ہے، وہ بھی خمس میں دینا ہوگا یا اسے اپنا مال سمجھا جائے گا؟

جواب: مذکورہ منافع پر تنصیف کا قانون جاری ہوگا جو تمام مسلم ممالک میں کسی بھی حکومتی بینک سے ملنے والے منافع پر جاری ہوتا ہے۔ یعنی آدھا منافع وہ خود رکھے اور باقی آدھا کسی دیندار فقیر کو دے دے۔

# حج

سوال ۱۱۶: کیا حج پر جانے کے لئے قرضہ لینا صحیح ہے اور اگر جائز نہیں ہے تو کیا قرضہ لے کر کیا ہوا حج صحیح ہوگا۔ اگر قرض خواہ اپنا قرضہ مجھے بخش دے تو کیا حکم ہوگا؟

جواب: قرضہ لینا تو جائز ہے اور اس مال سے انجام دیا گیا حج بھی صحیح ہے لیکن اگر آپ میں استطاعت کی بقیہ شرائط موجود نہ ہوں تو یہ زندگی کا واجب حج (حج اسلام) نہیں بنے گا۔ ہاں، اگر کوئی شخص اتنی مقدار بخش دے جس کے بعد استطاعت حاصل ہو جائے تو پھر حج صحیح بھی ہوگا اور حج اسلام بھی مانا جائے گا۔

سوال ۱۱۷: ایک شخص مقروض ہے لیکن گاڑی بیچ کر قرضہ اُتار سکتا ہے۔ تو کیا اس پر حج واجب ہے؟

جواب: اگر گاڑی بیچنا اس کے لئے شدید پریشانی اور تکلیف کا باعث ہے تو واجب نہیں ہے۔

سوال ۱۱۸: میں نے اپنا مکان کرائے پر دیا ہے اور میں خود اپنی والدہ کے ساتھ رہتا ہوں، تو کیا اپنا ذاتی مکان بیچ کر حج پر جانا واجب ہوگا؟

جواب: اگر ذاتی مکان بیچنا آپ کے لئے شدید تکلیف اور پریشانی کا باعث نہیں ہے تو بیچنا واجب ہوگا۔

سوال ۱۱۹: عورت کا اپنے دیور کے ساتھ حج پر جانے کا کیا حکم ہے؟

جواب: واجباتِ شرعی کا خیال رکھتے ہوئے جانا جائز ہے۔

سوال ۱۲۰: مالی اعتبار سے ضعیف اور محتاج افراد کے ہوتے ہوئے بھی کیا مستحب حج ادا کرنا صحیح ہوگا، جب کہ یہ لوگ بڑی مشکل اور تنگی میں وقت گزار رہے ہیں؟

جواب: یہ بات یقیناً صحیح ہے کہ ایسے افراد کی مدد کرنا افضل ہے بلکہ بعض اوقات تو واجب بھی ہو جاتی ہے۔ لیکن اگر کوئی اس کے باوجود حج پر جا رہا ہے تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ اس کا حج صحیح نہیں ہے یا اس کا ثواب کم ہو گیا ہے۔ بلکہ کیا ہی بہتر ہے کہ انسان دونوں کام کرے۔

# نکاح

## محرم /نامحرم

سوال ۱۲۱: آیا بھابھی یا چچی یا ممانی کے ساتھ بغیر کسی پردے کے ہاتھ ملانا جائز ہے؟ اگر ایسا ماحول بن چکا ہو کہ اس کی مخالفت عرفاً مشکل امر ہو تو اس بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: جائز نہیں ہے اور ماحول کی تبدیلی اس حکم پر ہرگز اثر انداز نہیں ہو سکتی۔

سوال ۱۲۲: ایک شخص اپنے چچا یا ماموں کے گھر ان سے ملاقات کو جاتا ہے؟ ایسے میں اس کی چچی، ممانی یا کزن اسے بوسہ دینے کے لئے بڑھتی ہے اور وہ انہیں اس بات سے روکنے پر شرم محسوس کرتا ہے تو اس صورت میں اس کے لئے کیا حکم ہوگا؟

جواب: اس پر واجب ہے کہ ان کو اس بات سے روکے اور اس سلسلے میں شرم و حیا اس کے لئے عذر نہیں بن سکتی۔

سوال ۱۲۳: عورت کے لئے کس قدر پردہ واجب ہے اور کیا مرد کے لئے چھوٹی آستین کی قمیض پہننا جائز ہے نیز بغیر لذت کے مرد و عورت کا ایک دوسرے پر نگاہ کرنے

کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: عورت پر واجب ہے کہ مرد سے اپنے بدن اور ایسے مقامات کو چھپائے جس سے مرد شہوت میں مبتلا ہو۔ مرد کے لئے چھوٹی آستین کی قمیض پہننا جائز ہے۔ مرد کے لئے بغیر لذت و شہوت کے عورت کے ہاتھوں اور چہرے پر نگاہ کرنا جائز ہے جب کہ حرام میں مبتلا ہونے کا خوف بھی نہ ہو۔ اسی طرح عورت بھی مردوں کے جسم کے ان مقامات کو دیکھ سکتی ہے جنہیں عموماً مرد نہیں چھپاتے ہیں۔

سوال ۱۲۴: کیا ٹیلیفون پر کسی لڑکی سے اس نیت سے بات کرنا صحیح ہے کہ بعد میں اس کو propose کرنا ہے اور اس سے شادی کرنی ہے؟

جواب: اگر درمیان میں ایسی باتیں نہ کی جائیں جو ایک مسلمان کے شایانِ شان نہیں ہیں تو کوئی حرج نہیں۔

سوال ۱۲۵: ایک لڑکی کا کسی نوجوان سے دوستی کرنے کے بارے میں کیا حکم ہے۔ اس اعتبار سے کہ کسی کی بھی شادی ایک دم سے تو نہیں ہو جاتی بلکہ شروع میں کچھ بات چیت ہوتی ہے، کبھی آمنے سامنے اور کبھی ٹیلیفون وغیرہ پر؟

جواب: جائز نہیں ہے۔

سوال ۱۲۶: کسی خاتون کے ساتھ کسی بھی قسم کے تصورِ لذت کے بغیر، شرافتمندانہ ماحول میں اجتماعیات اور قومیات جیسے مسائل پر تبادلِ آراء کرنے کے بارے میں کیا حکم ہے۔ اور اس کے ساتھ کسی مقام پر خلوت کرنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: خلوت کے مقام پر اگر ملاقات نہ ہو تو اس صورت میں جائز ہے جب انسان

ان تمام چیزوں سے دور ہو جن کے ہوتے ہوئے حرام میں پڑنے کا خوف ہو سکتا ہے۔ جب کہ عورت کے ساتھ خلوت میں جانا صرف اسی صورت میں جائز ہے جب حرام میں نہ پڑنے کا پورا اطمینان ہو۔

سوال ۱۲۷: ایک مرد ایک عورت سے کس حد تک تعلق رکھ سکتا ہے؟

جواب: ایک خاتون سے ایسی باتیں کی جا سکتی ہیں جن کا نتیجہ کسی اخلاقی فساد کی صورت میں نہ نکل رہا ہو جب کہ کوئی ایسی بات بھی نہ کی جا رہی ہو جس کا کسی اجنبی خاتون کے ساتھ کیا جانا مناسب نہیں ہوتا۔ اسی طرح بغیر لذت کے ارادے کے اس کی باتیں بھی سنی جا سکتی ہیں جب کہ حرام میں نہ پڑنے کا بھی اطمینان ہو۔ البتہ عورت کی ذمہ داری بھی ہے کہ وہ اپنی آواز کو اتنا خوبصورت اور باریک نہ بنائے جو انسان کے جذبات کو ابھارنے والی ہو۔

سوال ۱۲۸: میں ایک لڑکی کو چاہتا ہوں اور اس سے شادی کرنے کا ارادہ بھی ہے۔ اس کے والدین بھی یہ بات جانتے ہیں، لیکن میں اس کی تصویر منگوانا چاہتا ہوں۔ کیا میرے لئے یہ جائز ہے۔ اس لئے کہ میں نے اسے جب آخری بار دیکھا تھا تو وہ بہت چھوٹی تھی؟

جواب: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

سوال ۱۲۹: کیا نامحرم عورت کی تصویر کو قصدِ گناہ کے بغیر دیکھنا جائز ہے۔ اور کیا اس سے بھی کوئی فرق پڑتا ہے کہ اس نامحرم کو پہچانتے ہوں یا نہ پہچانتے ہوں؟

جواب: اگر تصویر میں خاتون حجاب کے ساتھ ہوں اور لذت نہ ہو، حرام میں پڑنے کا خوف نہ ہو، فتنہ پیدا ہونے کا اندیشہ بھی نہ ہو تو جائز ہے۔ اور اگر خاتون حجاب

میں نہ ہوں تو شہوت کے ساتھ دیکھنا تو جائز ہے ہی نہیں بلکہ اگر اس خاتون کو پہچانتا ہو تو احتیاط واجب کی بناء پر بغیر شہوت کے دیکھنا بھی جائز نہیں ہے۔

سوال ۱۳۰: کیا بوڑھی عورت کی ایسی تصویر دیکھنا جائز ہے جو اس کی جوانی کی عکاسی کر رہی ہو؟

جواب: شہوت کی نظر سے دیکھنا جائز نہیں ہے۔ اسی طرح اگر یہ تصویر شہوت کو ابھارنے والی ہو تب بھی نظر کرنا جائز نہیں ہے۔

سوال ۱۳۱: ایسی عورت کے چہرے کو دیکھنے کے بارے میں کیا حکم ہے جس کا مجتہد چہرہ اور ہاتھ کُھلا رکھنے کی اجازت نہ دیتا ہو؟

جواب: جائز ہے۔

سوال ۱۳۲: منہ بولے بیٹے سے محرمیت کا رشتہ کس طرح قائم کیا جا سکتا ہے جب کہ اب وہ بالغ ہو چکا ہے اور خاتون کا شوہر بھی مر چکا ہے؟

جواب: اس خاتون کا نکاح لڑکے کے باپ یا دادا سے چاہے کچھ دیر کے لئے ہی کر دیا جائے تو یہ بیٹا اس خاتون کا محرم بن جائے گا۔

whole

# حجاب/لباس/زینت

سوال ۱۳۳: وضو میں چہرے کے کتنے حصّے پر مسح کرنا واجب ہے اور کیا ٹھوڑی کے نیچے کا حصّہ بھی وضو میں شامل ہے؟ کیا پردے میں اس حصّے کا چھپانا واجب ہے؟

جواب: وضو میں چہرے پر مسح نہیں ہوتا بلکہ اسے دھویا جاتا ہے۔ ہاں، ٹھوڑی کے نچلے حصّے کو دھونا واجب نہیں اور نہ ہی حجاب میں ٹھوڑی کے اس حصّے کو چھپانا واجب ہے جسے عام طور پر چادر نہیں چھپاتی۔

سوال ۱۳۴: چہرے کو کھلا رکھنے کی جائز حد کیا ہے؟ کیا اس میں صرف چہرے کی گولائی شامل ہے یا ٹھوڑی کھلا رکھنا بھی جائز ہے؟

جواب: ٹھوڑی کو کھلا رکھنا جائز ہے۔

سوال ۱۳۵: مردوں اور عورتوں کے لئے eye brows بنوانے کا کیا حکم ہے؟

جواب: جائز ہے۔

سوال ۱۳۶: چہرے پر چہرے کے رنگ کا ہی پاؤڈر لگانے کے بارے میں کیا حکم ہے۔ جب کہ اسے چہرے کے دانے چھپانے کے لئے لگایا جا رہا ہو؟

جواب: اگر اسے زینت نہ کہا جائے تو جائز ہے۔

سوال ۱۳۷: کیا عورت کے لئے جائز ہے کہ وہ اپنی ایسی تصویر کھنچوائے جس میں اس کی زینت و خوبصورتی ظاہر ہو لیکن اس تصویر کو سوائے اس کے محرموں کے کوئی اور نہیں دیکھے گا؟

جواب: کوئی حرج نہیں۔

سوال ۱۳۸: خواتین کے لئے eye-brows بنوانے اور کاجل لگانے کا کیا حکم ہے۔ اسی طرح کیا لپ اسٹک لگا کر نامحرم کے سامنے آیا جا سکتا ہے۔ جب کہ ان کی مقدار اتنی کم ہو کہ بڑی مشکل سے کسی کو نظر آ سکے؟

جواب: جائز ہے۔

سوال۱۳۹: کیا خواتین کے لئے اونچی ہیل والے جوتے پہننا جائز ہے؟
جواب: کوئی حرج نہیں۔

سوال۱۴۰: ایک لڑکی کے لئے اپنے چھوٹے اور بڑے بھائی بہنوں کے سامنے کم از کم کتنا لباس پہننا ضروری ہے؟
جواب: اس کے لئے ایسا لباس پہننا جائز نہیں ہے جو گھر کے مردوں کو فساد پر مائل کرے۔

# ولی کی اجازت

سوال۱۴۱: اگر کسی لڑکی کے باپ اور دادا دونوں مر چکے ہوں جب کہ اس کا بڑا بھائی موجود ہو تو کیا بڑے بھائی کو اسکا ولی مانا جائے گا۔ اور اگر اسے ولی مانا جائے گا تو اس لڑکی سے متعہ یا شادی کرتے وقت اس کی اجازت حاصل کرنا ضروری ہوگی؟
جواب: مذکورہ صورتحال میں اس لڑکی کا ولی کوئی نہیں ہے اور نہ ہی بڑے بھائی سے اجازت لینا ضروری ہے۔ ہاں، افضل یہی ہے کہ بڑے بھائی سے اجازت لے لی جائے۔

# نان و نفقہ

سوال۱۴۲: کیا شوہر پر واجب ہے کہ نکاح کے بعد اور رخصتی سے پہلے کے دورانیئے کا نان

نفقہ اپنی زوجہ کو دے؟

جواب: جی ہاں، واجب ہے، سوائے اس صورت کے کہ کوئی ایسی علامت ہو جس سے طے ہو جائے کہ نان نفقہ دینا ضروری نہیں چاہے اسی اعتبار سے کہ رواج ہی ایسا ہو۔

سوال۱۴۳: ایک شادی شدہ عورت ہے جس کے بچے بھی ہیں لیکن شوہر گھر کے ضروری اخراجات کے لئے کچھ نہیں دیتا۔ کیا عورت کے لئے شوہر کے مال سے اس کی اجازت کے بغیر ضرورت کے وقت مال اٹھالینا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: اگر شوہر نفقہ نہ دے رہا ہو تو عورت کے لئے اپنے نفقہ کی مقدار نکالنا جائز ہے، لیکن وہ اولاد کا نفقہ اسے بتائے بغیر نہیں نکال سکتی۔

سوال۱۴۴: اس اعتبار سے کہ زنا زادے کا اپنے باپ سے کوئی تعلق نہیں ہوتا ہے تو اس بچے کو پالے گا کون، اس کے اخراجات کون دے گا، اس کی تربیت کون کرے گا؟

جواب: اولاد کے اعتبار سے والدین کی جتنی ذمہ داریاں ہیں وہ ناجائز بچے کے لئے بھی ہیں۔ ہاں، اتنا ہے کہ ناجائز بچہ اپنے والدین کا وارث نہیں بنتا، نہ ہی والدین اس بچے کے وارث قرار پاتے ہیں۔ لہٰذا اس کا نان ونفقہ اس کے باپ پر واجب ہوگا۔ پالنے کے اعتبار سے دو سال تک باپ کے ساتھ ماں بھی شریک ہوگی اور اس کے بعد یہ ذمہ داری صرف باپ کی ہوگی۔

# بیوی کے حقوق

سوال۱۴۵: کیا آپ کا نظریہ یہی ہے کہ عورت کو کسی صورت میں شوہر کی اجازت کے بغیر

گھر سے باہر نکلنے کی اجازت نہیں ہے یا یہ کہ اگر معصیت کے لئے نہ نکل رہی ہو اور شوہر کے حقِ زوجیت سے ٹکراؤ بھی نہ ہوتا ہو تو پھر بغیر اجازت گھر سے نکلنا جائز ہے؟

جواب: جی نہیں، جائز نہیں ہے۔

سوال ۱۴۶: کیا شوہر کے لئے جائز ہے کہ وہ اپنی بیوی کو میکے جانے یا اس کی بہن کے گھر جانے سے روکے اور کیا اس صورت میں بیوی پر اپنے شوہر کی بات ماننا واجب ہوگی جب کہ پابندی لگانے کا بظاہر کوئی شرعی یا عُرفی جواز نہ ہو؟

جواب: بیوی کے لئے یہ جائز نہیں کہ وہ اپنے شوہر کی اجازت کے بغیر گھر سے نکلے سوائے یہ کہ کوئی ضروری کام یا کسی شرعی واجب کو انجام دینا ہو یا صلۂ رحمی کو انجام دینا ہو اور وہ گھر سے باہر جا کر ہی ممکن ہو۔

سوال ۱۴۷: کیا عورت کے لئے اپنے شوہر کے گھر میں رہتے ہوئے گھر کی کوئی چیز کسی کو دینا جائز ہے۔ جیسے گھر کا سامان، لباس یا کھانے پینے کی کوئی چیز؟

جواب: اگر وہ چیز عورت کی ملکیت ہے تو یقیناً جائز ہے لیکن اگر وہ چیز شوہر کی ہے تو اجازت کے بغیر دینا جائز نہیں ہے۔

سوال ۱۴۸: نکاح کے وقت طے شدہ مہر کی مقدار میں کیا وقت گزرنے کے ساتھ خود بخود اضافہ ہو جاتا ہے۔ مثلاً اتنا وقت گزر جائے کہ روپے کی قدر کافی مقدار میں گر چکی ہو اور اس مقدار والی قوتِ خرید اب بالکل بدل گئی ہو تو کیا عورت نکاح کے وقت کی قوتِ خرید کے اعتبار سے زیادہ مقدار کا مطالبہ کر سکتی ہے؟

جواب: شوہر کی ذمہ داری اتنی مقدار کی ہی ہے جو نکاح کے وقت طے ہوئی تھی۔ اس

میں کوئی تبدیلی نہیں آتی۔

سوال ۱۴۹: کیا نکاح کے بعد اور رخصتی سے پہلے لڑکی کے لئے واجب ہے کہ اپنے آپ کو شوہر کے لئے پیش کر دے؟

جواب: اگر رواج یہی ہو کہ جب تک رخصتی نہیں ہوتی اس وقت تک لڑکی اپنے آپ کو اپنے شوہر کے لئے پیش نہیں کرتی، اس طرح سے کہ اسے گویا ایک ضمنی شرط سمجھا جاتا ہو تو پھر واجب نہیں۔

# طلاق/خلع

سوال ۱۵۰: مرد نے چند گواہوں کے سامنے اپنی اہلیہ کو طلاق دی جن کے بارے میں میاں بیوی دونوں کو اطمینان تھا کہ ان میں گواہ بننے کی شرائط موجود ہیں۔ لیکن بعد میں انہیں پتہ چلا کہ ان میں عادل ہونے کی شرط موجود نہ تھی۔ تو اب ان میاں بیوی کی کیا ذمہ داری ہوگی۔ اور اگر یہ کیفیت میاں بیوی میں سے کسی ایک کے لئے پیش آئے تو کیا حکم ہے؟

جواب: جس کو بھی یقین ہو جائے کہ طلاق کا صیغہ پڑھتے وقت گواہ عادل نہ تھا وہ اس طلاق کو صحیح نہیں سمجھے گا۔ ہاں، جس نے طلاق کا صیغہ پڑھا ہے، یعنی شوہر یا اس کا وکیل، جب تک ان کے نزدیک ثابت نہ ہو جائے کہ گواہ عادل نہ تھا، اس وقت تک طلاق کو صحیح مانا جائے گا۔

سوال ۱۵۱: ایک عورت اپنے شوہر سے طلاقِ خلع لے چکی ہے اس کے اپنے اس شوہر سے

تین لڑکے ہیں جن میں سب سے چھوٹا 6 سال کا جب کہ سب سے بڑا 12 سال کا ہے۔اب یہ عورت اپنی اولاد کو ہفتے میں ایک روز وشب دیکھنے کا مطالبہ کرتی ہے جس کواس کا شوہر منع کردیتا ہے۔کیا شوہر کوشریعت اس بات کا حق دیتی ہے کہ وہ اس مطالبہ کو رڈ کردے اوراسی طرح کیا عورت کو یہ مطالبہ کرنے کا حق حاصل ہے۔نیز کیا شوہر کواس بات پر مجبور کیا جا سکتا ہے کہ وہ اپنی اولاد کو، دیکھنے کے لئے بیوی کو دیا کرے؟اس فرض پر کہ یہ واجب ہوتو اس کا کس قدر دورانیہ واجب ہے؟

جواب: شوہر پراس مطالبہ کوتسلیم کرنا واجب نہیں لیکن اگراس سلسلے میں کسی فساد کا خدشہ نہ ہوتو شوہر کے لئے یہ مناسب نہیں کہ وہ اپنی بیوی کو بچوں سے ملنے سے روکے اوراس کے لئے کسی دورانیے کومعین نہیں کیا گیا کیونکہ یہ ایک ایسا معاملہ ہے جواس کے اپنے وجدان اور باطن پر منحصر ہے کہ وہ کس قدر دورانیے کو بہتر سمجھتا ہے۔

# متفرقات

سوال۱۵۲: عورت کے لئے ڈرائیونگ کرنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: بذاتِ خود حلال ہے۔

سوال۱۵۳: کیا خواتین کے لئے ایسے swimming pool میں جانا جائز ہے جو صرف خواتین کے لئے ہو۔اس صورت میں اس کے لئے کتنا بدن چھپانا

واجب ہے؟

جواب: جائز ہے اوراس دوران صرف شرمگاہ چھپانا واجب ہے۔

سوال۱۵۴: میں ایک شادی شدہ عورت ہوں اور کافی عرصہ گزرنے کے باوجود اب تک خدا نے مجھے اولاد کی نعمت سے نہیں نوازا، بلکہ جب بھی میں حاملہ ہوئی کچھ ہی عرصہ میں بچہ گر گیا، حالانکہ میڈیکل رپورٹ کے مطابق مجھ میں کوئی ایسی بیماری بھی نہیں جس کی وجہ سے میں ماں نہ بن سکوں۔ اب میرا شوہر اولاد کے لئے دوسری شادی کرنا چاہتا ہے جب کہ میں اس پر راضی نہیں ہوں، تو کیا اس کے لئے دوسری شادی جائز ہے۔ میں کیا کروں رضایت دے دوں یا نہ دوں اور کیا اس سے طلاق مانگ لوں، جب کہ میں اس سے بہت محبت کرتی ہوں؟

جواب: اس کے لئے دوسری شادی کرنا جائز ہے، اس سلسلے میں آپ کو مخالفت کرنے کا حق بھی نہیں ہے اور اس بات پر طلاق مانگنے کا بھی کوئی جواز نہیں ہے۔ ہاں، اگر آپ ڈاکٹرز سے مشورہ کر کے ایک بار اور کوشش کر کے دیکھ لیں، شاید خدا آپ کو صاحبِ اولاد کر دے۔

سوال۱۵۵: کیا کسی عورت کے لئے جائز ہے کہ وہ ڈرامے میں مردوں کا رول پلے کرے، مثلاً مردوں کا لباس پہنے، مردوں کی طرح سامنے آئے، اپنی آواز کو مردانہ بنائے، داڑھی مونچھیں استعمال کرے؟

جواب: اس میں بذاتِ خود کوئی حرج نہیں۔

# کاروبار/مالی امور

## خرید و فروخت

سوال۱۵۶: کیا کسی چیز کو ادھار پر مہنگا بیچنا جائز ہے؟

جواب: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

سوال۱۵۷: موبائل فون کو اگر نقد کے بجائے ادھار پر مہنگا بیچا جائے تو کیا حکم ہے؟

جواب: اس میں کوئی حرج نہیں۔

سوال۱۵۸: ایک شخص اخبارات و رسائل کا stall لگانا چاہتا ہے۔ لیکن اس میں بعض magazines ایسے بھی ہوتے ہیں جن میں خراب تصویریں ہوتی ہیں۔ تو کیا وہ stall لگا سکتا ہے؟

جواب: ان magazines کا بیچنا جائز نہیں ہے۔

سوال۱۵۹: بچوں کے وہ کھلونے جو ڈمی انسان یا حیوان کی شکل کے ہوتے ہیں، انہیں بنانے اور ان کی خرید و فروخت کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: ایسے کھلونوں کو احتیاط کی بناء پر بنانا جائز نہیں البتہ ان کی خرید و فروخت جائز

ہے۔

سوال۱۶۰: بچوں کے انسانی یا حیوانی شکل کے کھلونے جن سے غناء کی آواز نکلتی ہو، ایسے کھلونوں کی فروخت کے بارے میں کیا حکم ہے؟ اور ان سے حاصل کئے جانے والے مال کے بارے میں کیا حکم ہے۔ نیز اگر ایسا مال دوسرے اموال کے ساتھ مخلوط ہو جائے تو اس کا کیا حل ہے؟

جواب: ایسے کھلونوں کی فروخت جائز ہے۔

سوال۱۶۱: کیا کسی تاجر کے لئے جائز ہے کہ مختلف خریداروں کو دیکھتے ہوئے ایک ہی قسم کا مال مختلف قیمتوں پر بیچے؟

جواب: جائز ہے۔

# کافر کی نوکری

سوال۱۶۲: کیا غیر اسلامی ممالک کے ہوٹلوں میں کام کرنا اور کافِروں کو حرام گوشت serve کرنا جائز ہے؟

جواب: جائز ہے۔ البتہ احتیاط واجب کی بناء ضروری ہے کہ سوّر کا گوشت serve نہ کیا جائے جب کہ شراب پیش کرنا تو قطعاً حرام ہے۔

سوال۱۶۳: کیا کسی مسلمان کے لئے کسی غیر مسلم یا کافر کے پاس نوکری کرنا جائز ہے؟

جواب: جائز ہے۔

# بینک

سوال۱۶۴: میں اپنے بھائی کے ساتھ اس کے گھر میں رہتا ہوں لیکن اب چاہتا ہوں کہ بینک سے قرض لے کر ایک زمین خریدوں اور پھر اس پر اپنا مکان تعمیر کراؤں، تو کیا ایسا قرض لینا جائز ہے؟

جواب: بینک سے سود کی شرط پر قرض لینا جائز نہیں۔ اب اگر بینک گورنمنٹ یا سیمی گورنمنٹ ہو تو ان سے مجہول مالک کے عنوان سے رقم لی جا سکتی ہے لیکن اس صورت میں اِسے قرض نہیں شمار کیا جائے گا۔

سوال۱۶۵: ایک مومن کاروبار شروع کرنا چاہتا ہے۔ کیا وہ اس سلسلے میں بینک سے قرضہ لے سکتا ہے، جب کہ اسے سود دینا پڑے گا؟

جواب: جائز نہیں ہے لیکن اگر وہ بینک کافر کا ہو تو اس اعتبار سے کہ کافر کا مال لیا جا سکتا ہے، قرضہ لینا جائز ہے۔ اسی طرح اگر بینک اسلامی ملک میں ہو اور گورنمنٹ یا سیمی گورنمنٹ بینک ہو تو آقائے سیستانی کی نیابت میں وہ مال لے کر ان کی جانب سے قرضے کے طور پر لیا جا سکتا ہے۔

سوال۱۶۶: آپ نے فرمایا ہے کہ حکومتی ادارے سے سودی قرضہ لینا اس صورت میں صحیح ہو سکتا ہے جب حاکم شرع کی اجازت ہو اور اس کی جانب سے اس مال کو اپنے قبضے میں لیا جائے اور پھر اسے اپنے لئے قرضے کے طور پر استعمال کرے۔ سوال یہ ہے کہ اب یہ قرضہ کسے واپس لوٹانا ہو گا؟

جواب: اس بات کی بھی اجازت ہے کہ وہ قرضہ اسی حکومتی ادارے کو دے دیا جائے۔

# متفرقات

سوال ۱۶۷: آپ نے فرمایا ہے کہ مجہول المالک کا آدھا حصہ کسی دیندار فقیر کو دیا جائے۔ کیا اس فقیر کا عادل ہونا ضروری ہے یا قابلِ اطمینان و بھروسہ یا اس سے بھی کم درجہ کے افراد کافی ہیں؟

جواب: مذکورہ حکم صرف بینک سے حاصل ہونے والے منافع اور انعامات کے لئے مخصوص ہے۔ ہر مجہولِ مالک کے لئے نہیں اور دیندار فقیر سے مراد وہ افراد ہیں جو علانیہ گناہ نہ کرتے ہوں، نماز کو ترک نہ کرتے ہوں اور شرابی بھی نہ ہوں۔

سوال ۱۶۸: میں ایک شخص کے پاس اکاؤنٹنٹ تھا۔ ایک بار میں نے یہ حرکت کی کہ مالک کی اطّلاع کے بغیر میں نے اس کا مال لے لیا۔ اب جب کہ میں بڑا ہو گیا ہوں، مجھے اپنی خطا کا احساس ہوتا ہے۔ کیا میرے لئے کوئی ایسا طریقہ ہے کہ اسے پتہ بھی نہ چلے اور میری ذمہ داری بھی ختم ہو جائے؟

جواب: یہ جائز ہے کہ آپ اس کو اطّلاع دیئے بغیر کسی طرح وہ مقدار اس کے مال میں شامل کر دیں۔

سوال ۱۶۹: اسلامی یا غیر اسلامی ممالک میں بجلی اور پانی کے میٹرز میں گڑبڑ کرنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: جائز نہیں ہے۔

# گرے پڑے مال کے احکام

سوال ۱۷۰: مجھے کہیں سے کچھ مال ملا تھا جس کی قیمت ایک دینار کے برابر ہوگی لیکن اب تک میں اس کے مالک کو نہیں ڈھونڈ سکا، اب مجھ پر اس سلسلے میں کیا ذمہ داری ہوگی؟

جواب: اگر اس پر کوئی علامت نہ ہو تو آپ اسے اپنی ملکیت میں لے سکتے ہیں لیکن بہتر یہ ہے کہ اسے صدقہ کر دیں۔

سوال ۱۷۱: اگر مجھے سڑک پر پڑے ہوئے پانچ ریال ملیں جس کے مالک کو میں جانتا ہی نہیں ہوں تو کیا ان کا استعمال کرنا میرے لئے جائز ہوگا۔ جب کہ پانچ ریال بہت ہی چھوٹی اماؤنٹ ہے۔ اور اگر یہ مقدار بھی جائز نہیں تو کس مقدار تک جائز ہے؟

جواب: اگر اس پر مالک کی کوئی علامت نہ ہو تو جائز ہے۔

سوال ۱۷۲: مجھے سڑک سے 500 ریال پڑے ہوئے ملے لیکن پھر مجھے فوراً ڈر لگا کہ اب یہ میرے ذمہ آجائیں گے۔ پھر خیال آیا کہ اس کا مالک ڈھونڈنے کے لئے

آئے گا تو صحیح اور ممکن ہے وہ کسی سے پوچھے بغیر ہی چلا بھی جائے۔ بس یہی سوچ کر کہ اس طرح میری ذمہ داری ختم ہو جائے گی، میں نے اس نوٹ کو اسی جگہ پھینک دیا۔ پھر کچھ دنوں بعد مجھے پتہ چلا کہ اس وقت میری ذمہ داری یہ تھی کہ میں اس نوٹ کو سنبھالتا، ایک سال تک مالک کو ڈھونڈتا اور پھر بھی اگر نہ ملتا تو اصل مالک کی طرف سے صدقہ کر دیتا۔ یہ میں نے پہلے بھی سنا ہوا تھا لیکن بہرحال اب میں کیا کروں؟

جواب: اگر اس پر کوئی علامت نہ تھی تو پھر آپ کی کوئی ذمہ داری نہیں ہے۔

سوال۱۷۳: یہاں شہر میں ہمارا طریقہ یہ تھا کہ محلّے کے جنرل اسٹور سے روزانہ کی ضرورت کی چیزیں لیتے تھے اور مہینے کے مہینے حساب چکا دیتے تھے۔ اب وہ دکان بند ہوگئی ہے اور مالک بھی چلا گیا ہے۔ میں نے معلومات بھی کیں لیکن کسی کو اس کا پتہ بھی نہیں معلوم، جب کہ مجھ پر کچھ قرضہ واجب الادا رہ گیا ہے۔ میں کیا کروں؟

جواب: اگر آپ اس سے ملنے سے مایوس ہو چکے ہیں تو اس مقدار کا مال اس کی طرف سے صدقہ کر دیں۔ پھر اگر وہ مل گیا تو بہر حال وہ آپ سے اس مقدار کے مطالبے کا حق رکھتا ہے۔

# نذر / قسم

سوال ۱۷۴: مندرجہ صورتوں میں منت صحیح ہونے کے بارے میں کیا حکم ہے؟

۱۔ ایک شخص نے منت مانی کہ اگر خدا نے مجھے نیک و صالح بیوی عطا کی تو جب تک منت پوری رہی، میں ساری زندگی پیر اور جمعرات کے روز روزہ رکھوں گا، کیا یہ منت ہو جائے گی؟

۲۔ منت صحیح ہونے کی صورت میں اگر اس کا پورا کرنا مشقت کا باعث ہو تو کیا اس صورت میں اسے پورا کرنا واجب ہوگا؟

۳۔ کیا کوئی ایسی صورت ہے جس کے ذریعے اس نذر کو ختم کیا جا سکے؟

جواب: ۱۔ اگر صحیح اور شرعی صیغے کے مطابق منت کی گئی ہے تو منت صحیح ہے اور پوری ہو جانے پر اسے انجام دینا واجب ہو جائے گا۔

۲۔ نذر ساقط نہیں ہو سکتی سوائے یہ کہ اسے انجام دینا اس قدر مشکل کا باعث ہو جو عموماً برداشت نہیں کی جا سکتی۔ ایسی مشکل کو تکلیف کہیں گے لیکن اس صورت میں ان روزوں کی قضا واجب ہوگی۔

۳۔ کسی جائز طریقے سے نذر کو ختم نہیں کیا جا سکتا سوائے یہ کہ جس چیز کی نذر کی ہو وہ رجحان کے مورد سے خارج ہو جائے جیسے ماں باپ یا ان میں سے کوئی ایک اسے اس روک دے۔

سوال ۱۷۵: ایک شخص نے منت مانی کہ اگر میرا فلاں کام ہو گیا تو میں مال کی فلاں مقدار راہِ خدا میں خرچ کروں گا۔ خدا کا شکر ہے کہ اس کا وہ کام ہو گیا لیکن مال کی وہ مقدار اب اس کے پاس ہے ہی نہیں۔ مسئلہ یہ ہے کہ منت مانتے وقت اس نے منت پر عمل کرنے کا وقت بھی معین کیا تھا، مثلاً اس نے منت مانی تھی کہ ہر سال شبِ عاشور میں اتنا مال خرچ کرے گا۔ اب اس کے لئے کیا حکم ہے؟

جواب: اگر وہ نیت پوری کرنے پر قدرت نہیں رکھتا تو اس کی کوئی ذمہ داری نہیں۔

سوال ۱۷۶: اگر منت مانی ہو لیکن ابھی پوری نہ ہوئی ہو تو کیا پھر بھی منت پر عمل کرنا واجب ہوگا؟

جواب: جی نہیں، واجب نہیں ہے۔

سوال ۱۷۷: اگر ماں نے قسم کھائی ہو کہ اپنی بیٹی کی شادی میں شریک نہیں ہوگی تو کیا اس قسم پر عمل کرنا ضروری ہوگا؟

جواب: اس کی قسم کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔

# وقف

سوال ۱۷۸: ایک شخص کسی کتاب کو لوگوں کے استفادے کے لئے وقف کرنا اور اسے مسجد میں رکھنا چاہتا ہے۔ اس نے کتاب پر وقف لکھ بھی دیا لیکن ابھی تک صیغۂ وقف کے الفاظ کو اپنی زبان پر جاری نہیں کیا اور نہ ہی ابھی اسے مسجد میں رکھا ہے۔ تو کیا وقف کے ارادے سے صرف وقف کے الفاظ تحریر کرنے سے ہی وہ کتاب وقف ہو جائے گی؟

جواب: اگر وقف لکھتے وقت اس کا ارادہ یہ تھا کہ وہ اس تحریر کے ذریعے اس کتاب کو وقف کر رہا ہے تو صرف کتابت سے ہی اس کتاب کا وقف ہو جانا بعید نہیں ہے۔

سوال ۱۷۹: اگر ورثاء، وراثت میں چھوڑے جانے والے مال کے سخت محتاج ہوں لیکن وہ شخص مرنے سے پہلے ہی اپنی زمین کا ایک حصہ کسی کام کے لئے وقف کر دے تو کیا یہ وقف صحیح ہے؟

جواب: جی ہاں، وقف بالکل صحیح ہے۔ صرف اس لئے کہ وارث محتاج ہیں، ایک وقف کو غلط نہیں مانا جا سکتا۔

# حقوق / عدالتی امور

سوال ۱۸۰: ایک شخص نے وصیت کی کہ جب تک میری بیوی زندہ ہے میرا گھر نہ بیچا جائے۔ کیا اس وصیت پر عمل کرنا ضروری ہے؟

جواب: بیوی کی طبیعی عمر تک اس گھر کے رائج کرائے کا اندازہ لگایا جائے گا، پھر یہ کرایہ اور اس شخص کی باقی وصیتیں اگر سب مل کر اس کے کل ترکے کی ایک تہائی سے زیادہ ہوں تو اس اضافی مقدار کی وصیت پر اسی صورت میں عمل ہو سکتا ہے جب باقی وارث اس پر عمل کی اجازت دے دیں۔

سوال ۱۸۱: کیا لڑکا اپنی ماں کے انتقال کے بعد، اپنے ماموں سے ماں کا وراثت والا حصہ مانگ سکتا ہے، جب کہ ماں نے اپنی زندگی میں کبھی اپنا حصہ نہیں مانگا تھا کیوں کہ ماموں کبھی کبھار ماں کی ویسے ہی مدد کر دیا کرتے تھے؟

جواب: مدد کرنے کا مطلب یہ نہیں کہ حقدار اپنے حق کا مطالبہ نہیں کر سکتا لہٰذا اگر ماں نے اپنا حصہ ماموؤں کو بخش نہ دیا ہو تو لڑکا اپنی ماں کا حصہ بالکل مانگ سکتا ہے۔

سوال۱۸۲: ایک چیز جو عمومی طور پر کئی افراد کی ملکیت ہو، کیا اسے اپنی ذاتی ملکیت میں صرف اس لئے لے لینا جائز ہوگا کہ وہ چیز کافی مقدار میں موجود ہے۔ جیسے کوئی شخص ایک کتاب لائبریری سے صرف اپنے لئے لے لے، جب کہ لائبریری میں وہ کتاب بڑی تعداد میں موجود ہے۔اور استعمال کے بعد اس کتاب کو پھر اپنی جگہ رکھ دے؟

جواب: جائز نہیں۔

سوال۱۸۳: اگر کوئی شخص جیسے میرا بھائی مجھ سے بغیر اجازت لئے کچھ ایسی چیزیں لے جاتا ہے جو مجھ سے مخصوص ہیں اور انھیں غصب کر لیتا ہے تو کیا میرے لئے یہ جائز ہے کہ اُسے بتائے بغیر ان چیزوں کو لے لوں، چونکہ یہ چیزیں اس کی نہیں، میری ہیں؟

جواب: آپ کے لئے ایسا کرنا جائز ہے۔

سوال۱۸۴: بعض لوگ کسی عالم کی تصنیف کردہ کتاب اٹھا کر اس پر مقدمہ لکھ دیتے ہیں، مصنف کا لکھا ہوا مقدمہ ہٹا دیتے ہیں اور کتاب میں ذرا سی، ہلکی پھلکی کمی بیشی کر کے اسے اپنے نام سے چھپوا دیتے ہیں، جب کہ کتاب کے موضوع یا مضامین میں کوئی قابل ذکر تبدیلی نہیں ہوئی ہوتی۔

کیا ایسا کام کرنا جائز ہے؟ اور اگر ایسا کام ہو چکا ہو تو کیا ایسی کتاب خریدنا جائز ہے۔اور کیا ایسی کتاب کو مثلاً اصل کتاب کے ساتھ چیک کرنے کے لئے یا ویسے ہی مطالعے کے لئے پڑھنا جائز ہے؟

جواب: کسی شخص کے لئے یہ کام تو جائز نہیں ہے، لیکن آپ کے لئے ایسی کتاب خریدنا

اور اس کا مطالعہ کرنا جائز ہے۔

سوال ۱۸۵: ایک شخص نے بقائمی ہوش وحواس اور صحت کے عالم میں اپنی نصف جائیداد اپنی زوجہ کو ہبہ کر دی لیکن اس کے کاغذات نہیں بنوائے۔ اب نہ اس بات کو وصی مان رہا ہے اور نہ رشتہ دار، تو کیا اس قسم کا ہبہ شرعی طور پر نافذ ہوتا ہے؟

جواب: اگر اس کے شوہر نے جائیداد کو اپنی بیوی کے قبضہ میں دے دیا تھا اور ورثاء بھی اس بات کو جانتے تھے تو یہ عورت ہی کی ملکیت مانی جائے گی اور ورثاء کو اس بات کا حق نہیں کہ وہ جائیداد سے عورت کو دور کر دیں۔

سوال ۱۸۶: ایک مومن کا کہنا ہے کہ ان کا ایک دوست جو مسلمان ڈاکٹر تھا اب عیسائی ہو گیا ہے اور اپنے کولیگز کے درمیان اس بات کا اظہار بھی کرتا ہے، اس میں تو کوئی شک نہیں ہے کہ اس کو سمجھانا اور راہِ راست پر لانا ان دوستوں کی ذمہ داری ہے لیکن اگر وہ اسے سمجھانے میں کامیاب نہیں ہوتے ہیں تو کیا انہیں اس بات کی اجازت ہے کہ وہ مقامی انتظامیہ سے رجوع کریں جب کہ اس بات کا امکان ہے کہ اس پر مرتد ہونے کی حد بھی جاری ہو جائے یا کم از کم اسے نوکری سے نکال دیا جائے؟

جواب: واجب نہیں ہے بلکہ اگر کوئی غیر شرعی سزا ملنے کا امکان ہے تو جائز بھی نہیں ہے۔

سوال ۱۸۷: ایک شخص نے مجھ پر case کر دیا جس نے مجھے ذہنی اور اخلاقی طور پر بھی بہت نقصان پہنچایا۔ کیا میرے لئے ایسے شخص کے خلاف عدالتی کاروائی کرنا اور اس نقصان کے مقابلے میں، کورٹ جو اس پر جرمانہ لگائے وہ لینا جائز ہے؟

جواب: جائز نہیں۔

# متفرق فقہی احکام

## عزاداری/امام بارگاہ

سوال ۱۸۸: امام حسینؑ کی عزاداری کے لئے جو چندہ جمع ہوتا ہے، کبھی کبھار وہ ضرورت سے زیادہ بھی ہو جاتا ہے تو کیا اسے کسی بھی نیک کام میں خرچ کیا جا سکتا ہے؟

جواب: جی نہیں۔ بلکہ ضروری ہے کہ اسے امام حسینؑ کی کسی اور مجلس میں ہی استعمال کیا جائے۔

سوال ۱۸۹: ایک امام بارگاہ کا متولی موجود ہے اور اس امام بارگاہ کے اکاؤنٹ میں کچھ رقم بھی موجود ہے۔ کیا ولی یا اس کی اجازت سے کوئی اور شخص امام بارگاہ کی اُس رقم سے اتنی مدت کے لئے قرضہ لے سکتا ہے جس میں امام بارگاہ کو اُس رقم کی ضرورت نہیں، یعنی اس قرضے سے امام بارگاہ کی ضروریات پر کوئی فرق نہیں پڑے گا، تو کیا کسی عاقلانہ غرض کے لئے اس قسم کا تصرف جائز ہے؟

جواب: جائز نہیں ہے۔

سوال۱۹۰: کیا ائمہ، انبیاء اور امام زادگان علیہم السلام کے حرم میں بلند آواز سے گریہ و زاری کرنا یا قرائت کرنا جائز ہے؟

جواب: جائز ہے۔

سوال۱۹۱: ایک شخص یہ کہہ کر کہ میں امام حسینؑ کے لیے کام کر رہا ہوں نماز دیر سے پڑھتا ہے۔اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: ایسا کرنا مناسب نہیں ہے اور اس قدر تاخیر کرنا جائز نہیں کہ نماز قضا ہو جائے۔

سوال۱۹۲: ہمارے علاقے میں عزاداری کے جو دستے (جلوس) آتے ہیں، ان میں سے بعض کو حکومتی ارکان کی طرف سے کسی ضرر کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے۔اسی بنا پر بعض والدین اپنے بچوں کو خوفِ ضرر کی وجہ سے ان دستوں میں شرکت کرنے سے روکتے ہیں۔البتہ جوانوں کو بھی معلوم ہوتا ہے کہ ان دستوں (جلوسوں) میں شرکت سے کیا ہوسکتا ہے۔اب اس صورتِ حال میں ان نوجوانوں کے لئے ان دستوں میں شریک ہونا کیسا ہے جب کہ ان کے والدین اس پر راضی نہیں ہیں؟

جواب: اولاد کے لئے کوئی ایسا کام جائز نہیں جو والدین کو اذیت پہنچائے، جو کہ والدین کی بچوں سے شفقت کی بنیاد پر ہو۔

سوال۱۹۳: ایک عورت روزانہ شوہر کی لاعلمی میں گھر سے باہر نکلتی ہے اور بچوں کا بھی خیال نہیں رکھتی۔ یہ سب اس لیے کہ اسے امام حسینؑ کی مجلس میں شرکت کرنی ہے۔ ایسی عورت کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: اگر شوہر کی اجازت ہے تو جائز ہے ورنہ جائز نہیں ہے۔

سوال۱۹۴: ایک شخص اپنے بیوی بچوں کے اخراجات اس لئے نہیں دے رہا کہ فی الحال وہ اپنے مادی وسائل سید الشہداء علیہ السلام کی مجالس برپا کرنے والے فلاحی ادارے کو دے رہا ہے۔ سوال یہ ہے کہ ترجیح کسے ملنی چاہئے، آیا بیوی بچوں کو یا اس فلاحی ادارے کو؟

جواب: اگر وہ اپنے بیوی بچوں کے واجب اخراجات ادا نہیں کر رہا تو اس فلاحی ادارے کو مال دینا جائز نہیں ہے۔

# داڑھی

سوال۱۹۵: میں ایک شادی شدہ انسان ہوں۔ میری بیوی مجھ سے کہتی ہے کہ داڑھی منڈوا دو۔ میں اس سے کہتا ہوں کہ یہ جائز نہیں ہے۔ جب کہ اس کا کہنا ہے کہ تم میرے لئے بغیر داڑھی کے زیادہ بہتر ہو۔ میں کیا کروں؟

جواب: خالق کی معصیت کرتے ہوئے مخلوق کی اطاعت کبھی نہیں ہو سکتی۔ یہ تو ان کی بات ہو رہی ہے جن کی اطاعت واجب ہے تو بیوی کی اطاعت کہاں سے واجب ہوگی۔

سوال۱۹۶: ایک شخص کی داڑھی ابھی پوری نہیں آئی جب کہ وہ داڑھی رکھنا چاہتا ہے۔ تو کیا وہ اس نیت سے داڑھی منڈوا سکتا ہے کہ اس طرح پوری داڑھی آ جائے گی؟

جواب: احتیاط واجب کی بناء پر جائز نہیں ہے۔

# سلام اور جوابِ سلام

سوال۱۹۷: کیا ریڈیو اور ٹیلیویژن سے اناؤنسر کے کئے گئے سلام کا جواب دینا واجب ہے؟

جواب: واجب نہیں۔

سوال۱۹۸: اگر عربی کے علاوہ کسی اور زبان میں wish کیا جائے تو کیا جواب دینا واجب ہے؟

جواب: جی نہیں، واجب نہیں ہے۔

# میڈیکل سائنس

سوال۱۹۹: نفسیاتی ہسپتالوں میں بعض اوقات ڈاکٹر کو مریض کے ساتھ انتہائی سخت رویہ اختیار کرنا پڑتا ہے بلکہ بعض اوقات تو مارنا بھی پڑتا ہے جب مریض کی حالت زیادہ خراب ہوتی ہے تاکہ اس پر قابو حاصل کر کے اسے دوسرے مریضوں کو نقصان پہنچانے سے روکا جا سکے۔ تو کیا ڈاکٹر کے لئے یہ طریقۂ کار جائز ہے؟

جواب: سب سے پہلے تو ضروری ہے کہ اس طرح مناسب علاج کیا جائے کہ مریض کی ایسی حالت نہ ہو یا ہو تو اس وقت وہ دوسرے مریضوں کو نقصان نہ پہنچا سکے۔ اور اگر ایسی حالت ہو جائے اور وہ دوسروں کو نقصان بھی پہنچانا چاہتا ہو تو ضروری ہے کہ اسے ایسے طریقے سے روکا جائے جس میں اسے کم سے کم

تکلیف ہو۔

سوال۲۰۰: اسلام کا اس سلسلے میں کیا نظریہ ہے کہ ایک مرد طبیب، امراضِ نسواں اور ولادت میں مہارت حاصل کرے جب کہ ملک میں اس مہارت اور اسپیشلائزیشن کی ضرورت بھی ہو؟

جواب: اس میں مہارت حاصل کرنے پر کوئی پابندی نہیں لیکن یہ کام عملی طور پر کرنا جائز نہیں ہوگا سوائے یہ کہ اس وقت کوئی ایسی عورت available نہ ہو جو اس پر مہارت رکھتی ہو اور خاتون مریضہ کے لئے علاج بھی لازمی ہو۔ بلکہ ماہر خاتون کے ہوتے ہوئے بھی اگر مرد زیادہ مہارت رکھتا ہو تو وہ علاج کرسکتا ہے۔

# تربیت اولاد

سوال۲۰۱: کیا باپ پر واجب ہے کہ اپنے بچے کو احکامِ شرعیہ کی تعلیم دے؟

جواب: واجب ہے کہ جن چیزوں کی اسے فی الحال ضرورت ہے، وہ اسے سکھادے۔

سوال۲۰۲: کیا تعلیم حاصل کرنے کے لئے باپ کی رضامندی حاصل کرنا ضروری ہے؟

جواب: ضروری تو نہیں لیکن اگر آپ کا تعلیم حاصل کرنا آپ کے والد کے لئے اذیت کا سبب بن رہا ہو اور اذیت بھی اس لئے کہ باپ کی شفقت یہ گوارا نہیں کر رہی چاہے اسی اعتبار سے کہ آپ کے تعلیم حاصل کرنے کی وجہ سے کچھ ایسی چیزیں پیش آرہی ہیں جنھیں باپ کی شفقت گوارا نہیں کر رہی تو پھر باپ کی بات مان

لینا واجب ہے۔

# استخارہ

سوال۲۰۳: اکثر اوقات مومنین، استخارے کے بارے میں سوالات کرتے ہیں کہ اس کی کیا حقیقت ہے، کہاں تک صحیح ہے۔ کیا ایسی احادیث یا روایات ہیں جن میں استخارے کا حکم آیا ہو۔ استخارہ کرنے کے لئے روایات کے اعتبار سے کون سا صیغہ پڑھا جائے وغیرہ؟

جواب: استخارے کے بارے میں روایات موجود ہیں اور رجاء کی نیت سے استخارہ کرنے میں کوئی حرج بھی نہیں، اس لئے کہ یہ تو ایک طرح کی دعا ہے۔ روایات سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ کسی بھی کام میں غور وفکر اور مشورہ کرنے کے بعد جب انسان کسی نتیجے تک نہ پہنچ پائے تو استخارے کے ذریعے سرگردانی کی کیفیت سے نکل آئے۔ البتہ استخارے کا مطلب یہ بالکل نہیں ہے کہ شرعی طور پر کوئی کام کرنا آپ کے لئے ضروری ہوگیا ہے اور اسی اعتبار سے کسی واجب یا حرام کام کے لئے کئے جانے والے استخارے کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔ استخارہ کرنے کے لئے کوئی ایسا معین طریقہ بھی نہیں ہے کہ جس سے ہٹ کر کوئی اور طریقہ نہ ہو۔ ہاں، اہم یہ ہے کہ انسان ذاتِ خدا پر توجہ کرے اور اس سے طلب کرے کہ وہ اسے حیرانی وسرگردانی سے نکال کر خیر وصلاح کی ہدایت کرے۔

استخارے کے لئے قرآن کھولنا اور اس میں صفحے کی پہلی آیت سے مسئلے کا حل ڈھونڈنا یا مثلاً تسبیح کے دانوں کی تعداد سے کوئی نتیجہ نکالنا، اس بارے میں

بھی کوئی طے شدہ معیار روایات میں موجود نہیں۔ بلکہ درحقیقت اس میں استخارہ کرنے والے پر ہی منحصر ہے کہ وہ کس بنیاد پر استخارہ کر رہا ہے بلکہ یہ بھی صحیح ہے کہ انسان یہ نیت کر لے کہ خدا پر توجہ اور اس سے طلبِ خیر کے بعد جو بات بھی اس کے ذہن میں آئے گی، بس اسی پر عمل کرنا ہے۔ اور یہ طریقہ تو بعض روایات میں بھی آیا ہے۔

سوال ۲۰۴: کیا استخارہ کروانے کے بعد اس کی مخالفت کرنا جائز ہے؟

جواب: جائز تو ہے لیکن اس بات کا خوف ضرور ہے کہ مخالفت سے نقصان پہنچ سکتا ہے۔

# موسیقی

سوال ۲۰۵: کیرم اور کارڈ کھیلنے کا کیا حکم ہے اور کلاسیکل موسیقی سننے کے بارے میں آپ کیا فرماتے ہیں؟

جواب: اگر یہ گیمز عرفی طور پر جوا سمجھی جاتی ہیں تو احتیاط واجب کی بناء پر شرط لگائے بغیر کھیلنا بھی جائز نہیں ہے۔ اور ایسی موسیقی کا سننا بھی جائز نہیں ہے جو لہو و لعب کے اجتماعات سے مناسبت رکھتی ہو۔

سوال ۲۰۶: شادیوں میں بعض اوقات خواتین کچھ شادی کی مخصوص نظمیں پڑھتی ہیں لیکن طرز آج کل کے گانوں والی ہوتی ہے یا کبھی کبھار پرانے گانوں کی طرز ہوتی ہے۔ ہاں، یہ ضرور ہے کہ وہاں آلات موسیقی استعمال نہیں کیے جاتے اور

مردوں کا آنا جانا بھی نہیں ہوتا۔اس بارے میں شریعت کا کیا حکم ہے؟

جواب: احتیاط کی بناء پر جائز نہیں ہے۔

سوال۲۰۷: یہ جو کہا جاتا ہے کہ جنابِ سیدہؑ کی شادی کی شب میں پیغمبرِ اکرمؐ نے ڈَف بجانے کا کہا تھا، کیا یہ صحیح ہے اور ڈَف کیسے ہوتے تھے؟

جواب: ایسی کوئی بات روایات میں نہیں ہے۔

# متفرق فقہی مسائل

سوال۲۰۸: game centres میں کچھ games ایسی ہوتی ہیں جو challenging ہوتی ہیں اور جن کا تعلق انسان کی فنی مہارت سے ہوتا ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ مثلاً کھلاڑی 10Rs دے گا اور اسے کھیل کی آسانی یا مشکل کو دیکھتے ہوئے 3 سے 10 مرتبہ تک کھیلنے کا موقع دیا جائے گا۔ اس دوران اگر کھلاڑی کامیاب ہوگیا تو اسے گفٹ ملے گا جس کی قیمت دی گئی قیمت سے زیادہ ہوتی ہے جو بعض اوقات 100Rs سے 300Rs تک پہنچ جاتی ہے۔ گفٹ کا تعین بھی game کی آسانی اور مشکل کو دیکھتے ہوئے ہوتا ہے۔ یہ بھی ہے کہ بعض games تو اتنی مشکل ہوتی ہیں کہ ان میں شاذ ونادر ہی کوئی جیت سکتا ہے۔ البتہ یہ کھیل جوئے کے طور پر استعمال نہیں ہوتے۔ کیا یہ games کھیلنا جائز ہے؟

جواب: جائز ہے۔

سوال۲۰۹: گاڑی چل جانے کے بعد ٹیکسی ڈرائیور سے مسافر نے کہا کہ کچھ دیر ٹھہرو، میں شراب لے کر آتا ہوں۔ کیا ڈرائیور کے لئے اس سے روکنا ضروری ہے؟

جواب: بہتر تو یہی ہے کہ اس کی بات کو نہ مانے لیکن اگر وہ گاڑی روک بھی دیتا ہے تو گنہگار نہ مانا جائے گا اور نہ ہی اس کی اجرت حرام ہوگی۔

سوال۲۱۰: میری بیوی، اپنی بیٹی کو بہت زیادہ بددعائیں دیتی ہے مثلاً کبھی اسے مرنے کی بددعائیں دیتی ہے، کبھی اندھا ہوجانے کی اور اس طرح کی اور بڑی بُری بددعائیں۔ ظاہر سی بات ہے یہ بددعائیں وہ دل سے نہیں دیتی ہوگی لیکن بہرحال مجھے اس سے سخت تکلیف ہوتی ہو۔ پوچھنا یہ ہے کہ:

۱۔ اس کے لئے کیا حکم ہے؟

۲۔ اگر میں اسے یہ کہوں کہ اب اگر تم نے ایسا کیا تو میں تمہیں طلاق دے دوں گا اور وہ پھر بھی بغیر توجہ کے بار بار یہ کام کرے تو میرے لئے کیا حکم ہوگا؟

جواب:۱۔ یہ کام قطعاً مناسب نہیں ہے بلکہ اگر سنجیدگی سے ہو تو جائز بھی نہیں ہے۔

۲۔ آپ ایسا ہرگز مت کریں۔

سوال۲۱۱: اگر قرآن مجید کو حفظ کرنے کی نیت سے، کوئی اُن آیات کو بار بار دُہرائے جن کو پڑھنے سے سجدہ واجب ہوجاتا ہے تو کیا ہر مرتبہ دُہرانے پر استاد اور شاگرد، دونوں پر بار بار سجدہ واجب ہوجائے گا؟

جواب: جی ہاں، واجب ہوجائے گا۔

سوال۲۱۲: یہ معلومات کروانے کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے کہ آیا ایک شخص سے کوئی حسد کرتے ہوئے اس کے خلاف کوئی عمل وغیرہ تو نہیں کروارہا؟ جس کی

وجہ سے وہ اپنی زندگی میں کامیاب نہیں ہو پا رہا۔ یہ بھی ہے کہ واقعاً وہ شخص اپنی زندگی میں کامیاب نہیں ہے؟

جواب: جادو کا عمل کرنا جائز نہیں ہے حتی جادو کو ختم کروانے کے لئے بھی احتیاط کی بناء پر جادو کا سہارا لینا جائز نہیں ہے، سوائے اس کے کہ اس سے کوئی اور اہم مصلحت حاصل ہو رہی ہو جیسے کسی کی جان بچانا مقصود ہو۔

سوال۲۱۳: مچھلی کا شکار مشغلے کے طور پر کرنے کے بارے میں کیا حکم ہے؟ یہ شکار مشغلے کے طور پر ہوتا ہے البتہ اسے کھاتے بھی ہیں۔

جواب: حرام نہیں ہے لیکن اگر اس کے لئے سفر اختیار کرنا پڑے تو اس میں نماز پوری پڑھی جائے گی۔

سوال۲۱۴: یہ تو طے ہے کہ رمضان المبارک کی ۱۹، ۲۱ اور ۲۳ ویں شب، شبہائے قدر ہیں۔ لیکن آقائے سیستانی کے نزدیک کس شب کا شبِ قدر ہونا زیادہ قوی ہے؟

جواب: مستحب یہی ہے کہ شبِ قدر کے مخصوص اعمال تینوں شبوں میں انجام دیئے جائیں اور علماء میں اس سلسلے میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔

سوال۲۱۵: اگر کوئی شخص قبرستان جائے تو اس پر کیا واجب ہے۔ اور کسی کی قبر پر تلاوتِ قرآن کے بعد سب سے زیادہ افضل کیا چیز ہے؟

جواب: واجب تو کچھ بھی نہیں ہے۔ ہاں، مستحب ہے کہ میت کی طرف سے صدقہ دیا جائے، اس کے لئے قرآن پڑھا جائے اور اس کے لئے مغفرت کی دعا مانگی جائے۔

سوال ۲۱۶: کیا پرندوں کو پنجرے میں قید کر کے پالنا جائز ہے جب کہ ان کی غذائی ضروریات کا خیال رکھا جا رہا ہو؟

جواب: جائز ہے۔

سوال ۲۱۷: میں انٹرنیٹ ایڈمنسٹریٹر کی طرح ہوں تو کیا میرے لئے دیگر انٹرنیٹ استعمال کرنے والوں کی ذاتی ''ای میلز'' (Emails) کو پڑھنا جائز ہے؟ یا کم از کم ان Emails کو پڑھنا جن پر مجھے شک ہو؟

جواب: ایسا کرنا جائز نہیں۔

سوال ۲۱۸: اگر کوئی عورت چوتھے ہفتے میں جانتے بوجھتے ہوئے گولیاں کھا کر اپنے بچے کا ابارشن کروا دیتی ہے تو اسے کتنی دیت دینا ہوگی؟

جواب: اس کی ذمہ داری ہے کہ وہ بچے کے باپ کو 20 دینار کی دیت ادا کرے۔ یاد رہے ہر دینار 3.48 گرام سکّے دار سونے کے برابر ہوتا ہے۔

# اخلاقیات

سوال۲۱۹: تربیتِ نفس کے لئے بہترین طریقہ کون سا ہے اور انسان کے لئے سب سے بہترین عمل کون سا ہے جس کی وہ پابندی کرے؟

جواب: احکام شریعت کی پیروی۔

سوال۲۲۰: علماءِ اخلاق کی طرف رجوع کرنے کے لئے بھی کیا اعلم کی پہچان ضروری ہے؟ کیا یہ بھی تقلید کے زمرے میں شامل ہے؟

جواب: صحیح اخلاقی تعلیمات وہی ہیں جو ائمہ اہلبیت علیہم السلام سے نقل شدہ روایات میں موجود ہیں۔

# غیبت

سوال۲۲۱: اگر میں کسی کی غیر موجودگی میں اس کے بارے میں کوئی بات کروں اور پھر ملاقات ہو تو اسے بتادوں کہ میں نے اس کے بارے میں ایسا ایسا کہا تھا تو کیا اب بھی اسے غیبت کہا جائے گا؟

جواب: غیبت جائز نہیں ہے چاہے وہ شخص راضی بھی ہو جس کی غیبت کی جا رہی ہو۔

سوال۲۲۲: اگر انسان دل ہی دل میں لوگوں کے عیبوں کو یاد کرے اور اس کا تذکرہ کرے تو کیا اسے بھی غیبت کہا جائے گا؟

جواب: یہ غیبت نہیں ہے۔

سوال۲۲۳: غیبت کب جائز ہوتی ہے؟

جواب: کچھ مقامات پر جائز ہوتی ہے۔ ان میں سے کچھ یہ ہیں:

۱۔ جہاں انسان کھلم کھلا گناہ کر رہا ہو تو اس گناہ کی حد تک جائز ہوتی ہے۔

۲۔ مظلوم، جب ظالم کے خلاف مدد مانگنے کے لئے غیبت کرے۔

۳۔ مومن کی راہنمائی کے لئے، چاہے اس نے مشورہ بھی طلب نہ کیا ہو، جب کہ راہنمائی نہ کرنے کی وجہ سے فساد کا اندیشہ ہو۔

۴۔ جب کسی کو غیبت کے ذریعے ہی حرام سے روکا جا سکتا ہو۔

۵۔ اس کی غیبت جو دین کے لئے خطرے کا باعث بن رہا ہو۔

۶۔ کسی ایسے ضرر سے بچنے کے لئے جو غیبت کے نقصان سے زیادہ اہم ہو۔

# صلۂ رحمی

سوال۲۲۴: کیا ایسے رشتہ دار کے ساتھ تعلقات باقی رکھنا جائز ہے جو سود کا کاروبار کرتا ہو، خمس وزکاۃ ادا نہ کرتا ہو، نماز کبھی کبھار پڑھتا ہو، فقہ اور فقاہت کو تسلیم نہ کرتا ہو، تقلید کو نہ مانتا ہو یا اس کا کہنا ہو کہ ہر زمانے میں الگ الگ امام ہوتا ہے۔ اور بات چیت بند کر دی جائے تو اسے قطعِ رحم کہا جائے

گا؟

جواب: اگر اس سے تعلقات کو باقی رکھنا آپ کے دین اور عقیدے کو چھیننے کا سبب بنے تو اس سے میل جول اور دوستی رکھنا جائز نہیں ہے۔ ہاں، قطعِ رحم سے بچنے کے لئے یہ کیا جاسکتا ہے کہ آپ اس سے صرف فون وغیرہ پر رابطہ رکھیں اور اس کی خیریت دریافت کریں۔

سوال ۲۲۵: صلہ رحم میں عورت کی شرعی ذمہ داری کیا ہے؟ آیا جن پر ''رَحِم'' کا اطلاق ہوتا ہے، ان سب سے صلہ رحم کرنا یا بعض کے لئے مخصوص ہے۔ اس بارے میں توضیح دیں کہ وہ ''رَحِم'' کون ہیں جن کے ساتھ صلہ رحم واجب ہے یا جن کے بارے میں صلہ رحم کی تاکید کی گئی؟

جواب: ''رَحِم'' سے مراد وہ شخص ہے جو انسان کے ساتھ کسی خاتون کے پیٹ میں شراکت رکھتا ہو جیسے ماں، دادی، نانی وغیرہ۔ یہ بھی ضروری ہے کہ ایسے انسان کو رشتہ دار کہا جاسکتا ہو۔

# عقائد

سوال۲۲۶: بہائی فرقے کے ایک شخص نے ایک سوال اٹھایا ہے، اس کا کہنا ہے کہ تم مسلمان لوگ دعویٰ کرتے ہو کہ قرآن میں پیغمبر اکرمؐ کے خاتم المرسلین ہونے پر نص موجود ہے۔ جب کہ قرآن میں یہ تو ہے کہ وہ خاتم النبیین ہیں لیکن خاتم المرسلین ہونے کے بارے میں کوئی بات نہیں ہے۔ اس شخص کو کیسے جواب دیا جائے۔ ویسے تو الحمد للہ اس طرح کے سوالات سے ہم پر کوئی فرق نہیں پڑتا لیکن اس طرح کے افراد کو کیا جواب دیا جائے؟

جواب: جب یہ مان لیا جائے گا کہ ختمی مرتبتؐ خاتم النبیین ہیں تو یہ خود بخود ثابت ہو جائے گا کہ وہ خاتم المرسلین بھی ہیں اس لئے کہ ہر رسول نبی بھی ہوتا ہے جب کہ یہ ضروری نہیں ہے کہ ہر نبی رسول بھی ہو۔ اس لئے کہ نبی کا لفظ نبأ سے نکلا ہے جس کے معنی ہیں خبر۔ یعنی وہ شخص جس کے پاس وحی یا کسی اور ذریعے سے غیب کی خبریں آتی ہیں۔ جب کہ رسول وہ ہوتا ہے جسے ان خبروں کے بتانے کے لئے اپنی قوم کی طرف بھیجا جاتا ہے۔ یعنی ہر رسول پہلے نبی بنتا ہے پھر جا کر رسول بنتا ہے اور رسالت کی منزل، نبوت کی منزل کے بعد آتی ہے۔ (تو جب کوئی نبی ہی نہیں آئے گا تو رسول کے آنے کی گنجائش ہی باقی نہیں رہتی ہے)۔

سوال ۲۲۷: قرآن میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

”یَا اَیُّھَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَا اُنْزِلَ اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ وَ اِنْ لَمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَہٗ وَ اللّٰہُ یَعْصِمُکَ مِنَ النَّاسِ“

۱۔ اس آیت کے نزول کا کیا سبب تھا؟

۲۔ وہ کیا چیز تھی جس کے ابلاغ کا اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کریمؐ کو حکم دیا تھا؟

۳۔ کیا اس آیت کا امیر المومنین حضرت علیؑ سے کوئی تعلق ہے؟

جواب: شیعہ اور سنی کتابوں میں کثیر روایات موجود ہیں جن کے مطابق یہ آیت یومِ غدیر (۱۸ ذی الحجہ کے دن) میں نازل ہوئی جس کے بعد اللہ کے رسول نے انتہائی عظیم مجمع کو روکا اور ان کے سامنے خطاب کرتے ہوئے فرمایا: کیا میں تم پر تم سے زیادہ اولویت نہیں رکھتا؟ جب سب نے کہا: یقیناً۔ تو پیغمبرِ اکرمؐ نے فرمایا:

”مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَھٰذَا عَلِیٌّ مَّوْلَاہُ اَللّٰھُمَّ وَالِ مَنْ وَّالَاہُ وَ عَادِ مَنْ عَادَاہُ وَانْصُرْ مَنْ نَصَرَہٗ وَاخْذُلْ مَنْ خَذَلَہٗ“ یعنی جس جس کا میں مولا ہوں۔ اس کے یہ علیؑ مولا ہیں۔ خداوندا جو علیؑ سے محبت کرے تو بھی اس سے محبت کر اور جو علیؑ سے دشمنی کرے تو بھی اس سے دشمنی رکھ۔ خدایا جو علیؑ کا مددگار ہو تو اس کا مددگار بن جا اور جو علیؑ کو ذلیل کرنے کی کوشش کرے تو اسے ذلیل کردے۔

ہماری آئندہ پیشکش

# مجتہد سے پوچھے گئے سوالات

# حصہ پنجم

عبادات، معاملات، معاشرتی مسائل، اخلاقیات اور عقائد وغیرہ سے
متعلق دنیا بھر کے مومنین کی جانب سے پوچھے گئے سوالات پر مبنی کتابچہ

## ہماری مطبوعات

- ☆ مجتہد سے پوچھے گئے سوالات (حصہ اوّل)
- ☆ مجتہد سے پوچھے گئے سوالات (حصہ دوم)
- ☆ مجتہد سے پوچھے گئے سوالات (حصہ سوم)
- ☆ مجتہد سے پوچھے گئے سوالات (حصہ چہارم)
- ☆ مجتہد سے پوچھے گئے سوالات (روزہ)
- ☆ وصیّت نامہ

شعبۂ مطبوعات
قرآن و عترت اکیڈمی
کراچی - پاکستان
E-mail : info@qoitrat.org
Website : www.qoitrat.org